Volume V
No. 13

SP.V-13-75(E)
300

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

**Friday, November 28, 1975**

CONTENTS

| | Pages |
|---|---|
| Resolution Re : Compulsory education upto fifth standard —*Consideration deferred* ... ... ... | 435 |
| Motions Re : Cement, Ghee, Debt, Prices and Railway Board—*Fallen through* ... ... ... | 436 |
| Resolution Re : Eradication of unemployment among educated youth—*Discussed and withdrawn* ... | 436 |
| Resolution Re : Water-logging and Salinity in Jacobabad —*Postponed* ... ... ... ... | 475 |

PRINTED AT IBRAHIM SONS PRINTERS, I/S YAKKI GATE, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI
*Price : Paisa 50*

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Friday, November, 28, 1975**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Presiding Officer (Mr. Ahmad Waheed Akhtar) in the Chair.

---

(Recitation from the Holy Qur'an)

---

## RESOLUTION RE: COMPULSORY EDUCATION UP TO FIFTH STANDARD

**Mr. Presiding Officer (Mr. Ahmed Waheed Akhtar):** Yes ?

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, before discussion is resumed on item No. 2, I have to inform the House that I received a telephonic message from Mr. Pirzada that it will not be possible for him to participate in the discussion today. Although he has made a speech but he is supposed to know the facts and wind up the resolution. So, I request that item No. 2 be deferred and instead, since the mover of Nos. 3, 4, 5, and 6 and 7 is also not present, we can take up item No. 8, as the honourable Ministar is also present. Of course, this can be done with the consent of the House.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر: (جناب احمد وحید اختر)** صدیقی صاحب ! اس resolution پر گذشتہ جمعہ کو کچھ دوستوں نے اظہار خیال بھی فرمایا تھا - اب ملک محمد اختر صاحب نے فرمایا ہے کہ آج پیرزادہ صاحب موجود نہیں اور اس پہ مزید گفتگو ان کی موجودگی میں ہو تو میں ہاؤس کی رائے لے لیتا ہوں - اگر دوست اس سے متفق ہیں تو اس کو ہم defer کر دیتے ہیں -

جس جمعہ کو پیرزادہ صاحب موجود ہوں اس دن اس پر گفتگو کر لیں گے -

ملک محمد اختر : next Friday کو -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : next Friday ٹھیک ہے تو کیا معزز اراکین یہ چاہتے ہیں کہ اسے defer کر دیا جائے ؟

*(The House agreed to defer)*

جناب صدارت کنندہ آفیسر : تو یہ defer ہو گئی -

## MOTION RE : CEMENT, GHEE, DEBT, PRICES AND RAILWAY BOARD—FALLEN THROUGH

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اس کے علاوہ یہ خواجہ صاحب کی motions ہیں - قاعدہ ۱۸۷ کے تحت تو چوں کہ خواجہ صاحب یہاں تشریف فرما نہیں ہیں اور نہ ہی ان کی طرف سے کوئی request آئی ہے لہذا یہ item no. 3, 4, 5, 6, اور سات یہ چوں کہ پیش نہیں کئے گئے - اس لئے drop کئے جاتے ہیں - اس کے بعد کمال اظفر صاحب کا ریزولیوشن ہے Item No. 8 -

## RESOLUTION RE : ERADICATION OF UNEMPLOYMENT AMONG EDUCATED YOUTH

**Mr. Kamal Azfar :** Mr. Chairman, Sir, I beg to move a resolution for the consideration of this august House that :

> "This House is of the openion that the Federal Government be called upon to undertake a national survey of unemployment which could serve as the basis of concrete policies for systematic eradication of unemployment among the educated youth of the country."

Sir, I have been informed by the honourable Minister Incharge of the subject that such a survey is under the contemplation of the Government and it is undertaking the survey of this kind. Therefore, the purpose of the resolution itself has been served by the interest taken by the Government on this national question.

Sir, yet I think it is an important occasion for the Members of this august House to express solidarity with the youth of the country by vindicating our views on this particular resolution and I would submit...

جناب صدارت کنندہ آفیسر : کمال صاحب پہلے آپ کی گفتگو سے ظاہر ہو رہا تھا کہ آپ اسے move نہیں کرنا چاہتے ۔ اب آپ کی گفتگو سے ظاہر ہو رہا ہے کہ آپ اسے move کرنا چاہتے ہیں ۔ اور اس پر باقی دو دوست بھی اظہار خیال فرمائیں گے ۔ اس صورت میں مناسب ہوگا کہ آپ formally اس ریزولیوشن کو move کر دیں اس کے بعد آپ اس پر تقریر فرمائیے ۔

**Mr. Kamal Azfar :** Sir, I moved that this resolution may be taken into consideration.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : پڑھ دیجئے آپ ۔

**Mr. Kamal Azfar :** I move :

> That this House is of the opinion that the Federal Government be called upon to undertake a national survey of unemployment which chould serve as the basis of concrete policies for systematic eradication of unemployment among the educated youth of the country."

**Mr. Presiding Officer :** The resolution moved is that :

> "This House is of the opinion that the Federal Government be called upon to under take a national survey of unemployment which could surve as the basis of concrete policies for systematic eradication of unemployment among the educated youth of the country."

Yes, Mr. Kamal Azfar.

**Mr. Kamal Azfar :** While moving this resolution I would submit, Sir, that the assurance of the honourable Minister for Labour, regarding the issue raised in the resolution has already been upon by the Government, and it shows the continued concern of the Federal Government in the question of unemployment. In view of that assurance I will take the second part of the resolution which deals with certain items systematic eradication of unemployment among the educated youth of the country. With the permission of the Chair, I may point out that this resolution gives us an opportunity of debate on this question,

**Mr. Hafizullah Cheema** (Minister for Labour, Health, Social welfare and population planning) : Point of order. The question is whether we have to allow a discussion on this resolution or not, and then this resolution has to be taken as a whole and discussion is to be started on the resolution as a whole and not partially unemployment and the question of having a national youth survey. So, if the mover want's to have a discussion and debate on the second part of the question then he can bring a second resolution.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : چیمہ صاحب جب کمال صاحب کی ابتدائی گفتگو ہوئی تو اس سے مجھے یہ تاثر ملا کہ ان کی غالباً آپ سے بات چیت ہو چکی ہے اس موضوع پر ۔ اس میں جو باتیں کمال صاحب محسوس کر رہے ہیں وہ صرف آپ کی توجہ دلانا چاہتے ہیں کچھ چیزوں کی طرف ۔ وہ ان پر اپنا اظہار خیال کریں گے ۔ ممکن ہے باقی دوست اجتماعی طور پر پورے ریزولیوشن کے بارے میں باتیں کریں ۔

**Mr. Hafizullah Cheema :** In that case we cannot move with the discussion on the resolution because then it becomes unfructous. This is a frivulous resolution in the sense......

**Mr. Kamal Azfar :** Frivulous is not a word to identify ourselves with the youth of the country. I think, it is on uncalled for remark. It is not frivulous. It is a question of the lives of the people who have applied for jobs.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : کمال صاحب چیمہ صاحب صرف یہ چاہ رہے تھے کہ آپ اپنی گفتگو پورے ریزولیوشن تک پھیلائیں تو زیادہ مناسب ہوگا ۔ تو آپ بات شروع کیجئے ۔

**Mr. Hafizullah Cheema :** No, Sir. This is not the point. The point is that as the honourable Member says, I have assured him, so far as the national survey question is concerned, that the Government has already taken steps on that. So, that is main substance of the resolution. We want to undertake a national survey so far as unemployment in the country is concerned, and if we want to discuss the actual quantum of unemployment in the country then that is a separate question.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : چیمہ صاحب بات اتنی ہے کہ جب وہ اس ریزولیوشن پر اظہار خیال فرمائیں گے اور باقی دوست بھی تو پھر بھی آپ کو یقین دلانا ہوگا تو آپ بات کرنے دیں آپ کو بھی موقع ملے گا ۔

سید قمرالزمان شاہ : میرے خیال میں چیمہ صاحب بالکل درست فرما رہے ہیں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : آپ پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں ؟

**Mr. Qamaruzzaman Shah** : My point of order would be that any discussion of this resolution will have to be on the entire resolution and it would be concerning the survey part. If I may read this resolution again, it says :

> "This House is of the opinion that the Federal Government be called upon to undertake a national survey of unemployment which could serve as the basis of concrete policies for systematic eradication of unemployment among the educated youth of the country,"

National survey of unemployment—Why it should conduct national survey because the Government should find out the basis of policies of systematic eradication of unemployment. So, although it is a resolution but in substance it is a request for carrying out a survey of unemployment. The second part is only a reason given as to why the Government should carry a survey. Therefore, if the substance is left out and only the reason is argued then, I think, that would be completely out of order.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اس میں پوائنٹ تو نہیں ہے یہ تو آپ نے تقریر فرما دی ۔ اس کا موقع بہر صورت آپ کو ملے گا ۔ کمال صاحب کو آپ تقریر کرنے دیں ۔ تو کمال صاحب یہ جو دو اعتراضات ہوئے ہیں ان پر آپ کچھ فرمانا چاہیں گے ؟

سید قمرالزمان شاہ : بجائے اس کے کہ جیسا کہ کمال صاحب نے آغاز میں فرمایا میں پہلا پورشن چھوڑ رہا ہوں دوسرے پورشن پر بات کر رہا ہوں ۔ اس پر پوائنٹ آف آرڈر ہو سکتا ہے مناسب ہے کہ اس پر رولنگ دے دیں ۔ بجائے اس کے کہ بار بار مداخلتیں ہوں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اب میں کمال اظفر صاحب سے چاہوں گا کہ کیا وہ اپنی گفتگو ایک حصے تک محدود رکھنا چاہتے ہیں ۔

**Mr. Kamal Azfar :** I think, under the rules, yes. The House can take up the consideration and then I can continue to make my submissions. The idea is to assist the Government. It is our party Government I do not think there is anything frivolous at all. It is a question in regard to unemployment and we want to assist him. It is not a question of that nature. It is up to the House. If my colleagues, the Senators, want to continue, we can continue with it. If the House allows me to make my submissions, I will make my submissions.

**Sardar Mohammad Aslam :** It has been said by the honourable Mr. Kamal Azfar that some assurance has been given by the concerned Minister to the honourable Senator. So, now this motion is the property of the House, and the House has every right to know what type of assurance has been given. So, we will request the Minister first to inform the House what type of assurance has been given and what type of survey is contemplated by the Government so that for further discussion the honourable Members should know about the fate of this resolution. If the Government has already contemplated the survey for the eradication of unemployment I don't think there will be any further need to discuss the motion. I would request the concerned Minister to inform the House as to what type of assurance has been given or what of survey the Government is contemplating in the country for eradication of unemployment before starting discussion on this motion.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : چیمہ صاحب میں محسوس کرتا ہوں کہ سردار صاحب کی یہ بات وزنی ہے کہ اس پر اگر آپ اس assurrance پر جو آپ نے فاضل ممبر کو ہاؤس سے باہر دی ہے کچھ روشنی ڈال دیں تو باقی ممبروں کو آسانی ہو جائے گی ۔

**Mr. Hafizullah Cheema :** Just one thing, Sir, if that boils out to be the position then the honourable mover can make a short speech and the matter will finish.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : یہی تو میں نے پہلے کہا تھا کہ وہ مختصر گفتگو کر لیں ۔

جناب عبدالحفیظ چیمہ : جناب مجھے ان کی مختصر گفتگو پر اعتراض نہیں ہے ۔

Sir, what more he wants ? When this is the situation and this is the assurance given by the Minister concerned, and, if despite this he wants that a full debate should also be held, that is not possible.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : کمال صاحب آپ اپنی گفتگو جاری رکھیں -

**Mr. Kamal Azfar :** Well, I leave it to the House.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اس میں کمال صاحب leave it to the House والی بات تو نہیں ہے That is the property of the House تو اب آپ اس ریزولیوشن کے بارے میں وہ جو کچھ فرمانا چاہتے ہیں وہ آپ ارشاد فرمائیے - اس کے بعد دیکھیں گے کہ کیا صورت ہوگی -

**Mr. Kamal Azfar :** Sir, in the preceding session of the Senate, the Senate had passed a Bill on the collection of Statistics and this resolution was brought in the spirit that one of the most important statistics that we need to know more about is the extent of unemployment amongst the educated youth of the country. Sir, these are various estimates and in the Second Five Year Plan it was estimated that the number of unemployed educated youth is 100, 000. On the other hand, I have got a book, called "Contemporary Problems of Pakistan", where the number has been estimated, according to its author, at 400,000. So, I think, Sir, it is important that a scientific assessment of the extent of unemployment should be made because, as you know, Sir, and again I quote from this very book :—

> "In the 'peoples' struggle for the restoration of the Peoples' Government, the college youth had played a very important part in speacheading the social and economic issues of the programme and they made big sacrifices for the building of the new Pakistan and for the new economic order".

Mr. Chairman, Sir, the source of this problem of unemployment, of course, lies partly in the increase in population in the country and also in the increase in education, although as has been brought before this House only 50 percent of the total youth of the country are attending primary schools, So, in fact, Sir, it is not a question of over-education, that we have over-educated the people of Pakistan. In fact, there is still darkness. As far as 50 per cent of the children are concerned their minds and hearts have to be lit by the flame of knowledge. Therefore, Sir, it seems that there are some structural problems in our education plans and in our employment plans, that the kind of education that we are giving is not suited to the requirements of the country or there is a kind of mis-education which is the source of the problem of unemployment apart from the fact of population increase. Sir, in the past planning experiments, there has been reference to the backlog of unemployment. The perspective plan had said that by 1985 unemployment would be eliminated and that is

only ten years from today. I am sure, and as the Minister has said, if we want to make a scientific assessment then there is a need for having an early completion of the survey that we are under-taking because, I would venture to suggest, many of the political problems that we are facing arise from this question of unemployment. I would submit a formula that if, for example, their are 200 jobs but only 100 applicants then I don't think you will be facing many of the political problems that you foce in the country. But if we have a situation that there are 50 jobs but 100 applicants, then we will face many problems like the ones we have been facing in the recent past. In fact, Sir, I can suggest a political formula that if the number of jobs exceeds the number of applicants then that leads to nationalism, but if the number of jobs is lesser than the number of applicant's then that leads to various social tensions within our society and the youth of Pakistan in stead of working together for the creation of a strong Pakistan or one Pakistan is tempted by the people, is tempted by the enemies of the country. So, I think, that if we have a scientific programme for the eradication of unemployment we will be able to remove the causes, the sources of the temptation.

Sir, I would submit that when Quaid-e-Azam had visited East Pakistan as far back as 1948, he had said that the enemies of Pakistan wanted to inject the poison of hatered between various sections of the population, among the youth of Pakistan, and we saw that after so many years this prophecy became true. Now, the Government, under the leadership of Prime Minister Zulfikar Ali Bhutto has taken certain very concrete measures like the National Development Volunteer Programme. But there is need for a further scientific assesment, so that these programmes can be implemented in a better way, and can be expanded, and the causes of unemployment among the youth of Pakistan can be decreased.

Sir, we come across cases. There is one Mirza Mukarram Shikoh, who is the grand grand grandson of Dara Shikoh. He come to me and wanted a job, and it took about six months to get a job for the grand grand grandson of Mughals. Sir, if this is the situation today and we have hundreds and thousands of youth in this position, then I think that at the time when a new National Plan is being made it would be important to make this eradication of unemployment a basic objective of the plan, and it should not just referred it as a backlog of unemployment I would submit, Sir, that the youth of the country are not log and the expression 'backlog' is not very appropriate because what we are dealing with is a dynamite. We are dealing with political dynamite and you all know that it is said that an idle mind is the devil's workshop. But in the case of our country these idle minds, these minds which do not have the right to work could become the place where the views of the enemies can be made to operate to create dissensions and problems in our society.

Sir, I would submit that the quota system is no complete answer to the problem. It is a palliative. Of course, for the regions which are backward etc, some effort has to be made but that is not the real palliative. Don't we have the resources that we should have a policy of full employment, that we should be able to have a structure where we can

provide full employment. If the youth of Pakistan want to have the right of work then we should be in a position to tell them that this is your rendezvous with history, that we are working for a society where you shall have the right to work. Every youth of Pakistan should have the right to work so that his ability can be used for the construction of a modern Pakistan, a scientific Pakistan and a strong Pakistan whose defence will be secure, whose economy will be secure, whose politics will be secure in the hands of the youth who are the furture custodians of Pakistan. Sir, I would say that this is a very important Resolution in this context. I would not venture to go forward but there are so many people who express their loyalty to the programme of the party but loyalty consists in acting on these principles and in implementing the wishes of the Prime Minister of Pakistan.

Sir, I would venture to say that you yourself told me that the brother of Abdul Hamid, who died in Rawalpindi seven years back, is still unemployed and you have been going from one Minister to another to get a job for Abdul Hamid's brother. Now, we come here and we are told that these are frivolous resolutions. What we shall tell Abdul Hamid's brother that this is a frivolous resolution because this is what has prompted me to bring this resolution here.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Point of Order, Sir.

**Mr. Presiding Officer :** Kamal Sahib, there is a Point of Order.

**Mr. Hafizullah Cheema :** This is why I said this is a frivolous resolution. If somebody dies, has his brother the right to get employment? Employment is an individual thing. Everybody gets employment on merits not that his brother died a year earlier or seven years earlier.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** آپ یہ ساری باتیں wind up کرتے وقت کہہ سکتے ہیں - اب کمال اظفر صاحب ختم کرنے والے ہیں -

**Mr. Kamal Azfar :** Sir, I do not want to submit more except to say that out of this survey that we are conducting the result should be available quickly. At least I would like to have an assurance from the Minister that this survey is available when the new Five Year Plan is being drawn up because I have read in the papers that the Prime Minister has made announcement that a new Five Year Plan is being made. I would submit before my colleagues in this House that we should seek an assurance from the Minister that this survey will be available before that Five Year Plan comes, so that the goal of full employment can be turned into a concerate goal. This question of backlog of unemployment is not correct because this is not a backlog. As I have said, each of the youth of Pakistan can become a dynamite and I would submit, Sir, that in the

youth of Pakistan there is tremendous ability. Are there not potential Nobel Prize winners in Pind Dadan Khan, are there not potential scientists of repute in Mirpur Khas, are there not potential philosphers in Lalukhet, are there not potential physicists in Swat or in Kohat or in Campbellpur or in Quetta or in other parts of the country ? I would say, Sir, that full many a flower want to blush and bloom and waste its sweetness on the desert air.

It is the substance of this resolution, it is the spirit of this Resolution that the flower of Pakistan, the youth of Pakistan who has got a grand grand rendezvous with history should not be wasted on the desert air but that we should have policies, concrete policies to implement the wishes of the Prime Minister of Pakistan to bring forth the full potential of the youth of Pakistan. It is in this spirit that I have moved this resolution. I would quote, Sir, the famous verse finally from Ghalib :

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی جو پنہاں ہو گئیں

جناب صدارت کننده آفیسر : میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کون کون معزز ممبران اس ریزولیوشن پر اظہار خیال فرمائیں گے - (۱) سردار محمد اسلم (۲) سید قمرالزمان شاہ (۳) جناب شیرمحمد خان (۴) جناب نرگس زمان خان کیانی- جن معزز ممبران نے اظہار خیال فرمانے کی خواہش ظاہر کی ہے ان کے نام یہ ہیں- سردار محمد اسلم ، سید قمرالزمان شاہ ، جناب شیر محمد خان ، جناب نرگس زمان خان کیانی اور عبداللطیف انصاری -

جناب مسعود احمد خان : جناب والا ! میں یہ پوچھنے کی جسارت کرنا چاہتا ہوں کہ میرے خیال میں نام لکھنے کی ضرورت نہیں ہے -

جناب صدارت کننده آفیسر : میرا مقصد یہ تھا کہ مجھے اندازہ ہو جائے کہ کتنے معزز ارکان اظہار خیال فرمائیں گے کیوں کہ رولز میں ایسے ہے کہ ایک معزز ممبر ۰ ۱ منٹ تک اظہار فرما سکتا ہے - اگر ممبر کم ہوں تو وہ زیادہ دیر تک اظہار خیال فرما سکتا ہے - میرا یہ مقصد تھا کہ مجھے اندازہ ہو جائے کہ کتنے معزز ممبران اظہار خیال فرمائیں گے -

**جناب مسعود احمد خان :** میرا مقصد یہ تھا کہ ممبر ایک بات کہنا چاہتا ہے اور وہی بات اس سے پہلا ممبر کہہ دیتا ہے تو اسے تقریر کرنے کی ضرورت نہیں رہتی -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** ایسی کوئی بات نہیں ہے - جتنے ممبر بھی چاہیں اظہار خیال فرما سکتے ہیں - یس ! سردار محمد اسلم -

**سردار محمد اسلم :** جناب والا ! میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا - جب وزیر متعلقہ نے اس ریزولیوشن پر یہ یقین دہانی کرائی تھی جناب کمال اظفر نے یہ ریزولیوشن پیش کیا ہے :

> "This House is of the opinion that Federal Government be called upon to undertake a national survey of unemployment which could serve as the basis of concrete policies for systematic eradication of unemployment among the educated youth of the country."

جو ریزولیوشن ایوان کے سامنے ہے اس کے contents یہ ہیں کہ بجائے unsystematic zig zag way میں جو unemployed لوگ ہیں ان کا systematic سروے کیا جائے تاکہ eradication of unemployment ہو سکے اور scientific کا سروے جو ہے ملک کے کام آ سکے -

یہی کچھ انہوں نے ریزولیوشن پر یقین دہانی کرائی تھی تو میرا یہ خیال تھا کہ اگر یہ پتہ چل سکے کہ اگر گورنمنٹ یہ شروع کر رہی ہے تو ٹھیک ہے - لیکن حالات کی وجہ سے یا اسی طرح جس طرح کمال اظفر صاحب نے اپنی تقریر میں جو کہ انہوں نے جذبات میں آ کر کی ہے اس سے ہم نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ بجائے سروے کرنے کے گورنمنٹ unemployment کو زیادہ کر رہی ہے اور گورنمنٹ employment نہیں دے رہی ہے -

جناب والا ! اس چیز سے کسی کو انکار نہیں ہے کہ کسی ریگستان یا کسی پہاڑ یا کسی جنگل میں یا کسی پس ماندہ علاقے میں سائنس دان ،

سیاست دان ، جنرل ڈاکٹر یا philosopher لوگ پیدا نہیں ہو سکتے ہیں - سوال یہ ہے کہ employment دینے کے لئے گورنمنٹ کے اپنے وسائل ہوتے ہیں - کوئی حکومت بھی کسی بھی جگہ پر یہ نہیں چاہتی ہے کہ خواہ وہ کیسی بھی پارٹی کی حکومت ہو کہ ، کہ ملک میں unemployment کی ratio زیادہ ہو چہ جائیکہ کہ پیپلز پارٹی جو کہ عوامی حکومت ہے ، جو کہ عوام کی طاقت سے اقتدار میں آئی ہے ، جس کا پروگرام خاص طور پر نوجوان طبقے کے لئے ہے اور کوئی بھی نہیں چاہتا کہ اس دور میں particularly نوجوان بے روزگار ہوں یا بے روزگاری بڑھے - اس بے روزگاری کی وجہ سے سیاسی اور اقتصادی مسائل پیدا ہوتے ہیں - ملک کے اندر حکومت چاہتی ہے کہ اپنے معاشی اور اقتصادی وسائل کی حدود میں لوگوں کو روزگار مہیا کرے - ایک طرف جناب چیئرمین نے ہمارے ریزولیشن کو پہلے ہی ڈیفر کیا ہے وہ یہ تھا کہ ایجوکیشن پالیسی کو اس طرح implement کیا جائے کہ کم از کم پرائمری اسکول تک ایجوکیشن کو universal اور compulsory کیا جائے اور گورنمنٹ ہر شہری کے لئے ۵ کلاس تک تعلیم لازمی قرار دے - آپ اندازہ لگائیں کہ ۱۹۷۱ء کے بعد ۴ سال کے دوران ملک کے اندر تعلیمی اداروں میں کتنی وسعت ہوئی ہے ، لوگوں میں تعلیم کا رحجان بڑھا ہے اور اس تعلیم کے بڑھنے کے ساتھ آبادی بھی بڑھی ہے - اس کے ساتھ ملک کے وسائل کتنے بڑھے ہیں جس سے کہ unemployment کو ختم کیا جائے - اگر ۱۹۷۱ء میں یا ۱۹۷۲ء میں کسی یونیورسٹی سے دو تین ہزار گریجویٹ نکلتے تھے تو اب ۱۹۷۵ء میں اسی یونیورسٹی سے پندرہ بیس ہزار گریجویٹ نکل رہے ہیں - اب اسی نسبت سے تین چار سال میں وسائل اتنے نہیں بڑھے ہیں کہ جو بھی گریجویٹ کالج یا یونیورسٹی سے نکلے - کالج سے نکلنے کے ساتھ ہی اسے نوکری مل جائے اور اسے سروس پر لگا دیا جائے - جہاں تک اس ریزولیشن کے contents کا تعلق ہے تو اصولی طور پر انہیں وزیر متعلقہ نے تسلیم کیا تھا - گورنمنٹ پہلے ہی contemplate کر رہی ہے - ہم سروے کر رہے ہیں تا کہ unemployment کو gradually اور systematically ختم کیا جائے - تو وہ یہ بات اور اس معاملہ میں کوئی اختلاف نہ تھا - کوئی آدمی بھی ، کوئی ممبر بھی اس ریزولیشن سے جو کہ ہاؤس کے سامنے ہے ، انکار نہیں کر سکتا کہ ایسا scientific survey کیا جائے تا کہ یہ معلوم ہو سکے کہ unemployment کو کس طرح سے ختم کیا جائے - اب سوال

یہ ہے کہ اس سروے کے نتائج کیا نکلتے ہیں ۔ جناب والا ! اس کا ہر ایک کو پتہ ہے ۔ جناب کمال اظفر نے بھی یہ فرمایا ہے کہ unemployed جوان لوگ dynamite کی طرح ہیں ۔ وہ dynamite ضرور ہیں لیکن وہ dynamite جلدی burst ہونے والا نہیں ہے ۔ کہ ان کو پتہ ہو کہ کسی دفتر میں تین پوسٹیں خالی ہیں اور تین ہی کینڈیڈیٹ گئے ہیں ۔

سردار محمد اسلم : جناب والا ! اس میں اگر ۱۲۰ درخواستیں دی گئی ہیں تو باقی ۱۱۷ candidates جو ہیں وہ ایک دم exploit ہو جائیں گے کیوں کہ ان کو بھی پتہ ہے کہ تین ہی آدمی رکھے جائیں گے ۔ یہ سوال ٹھیک ہے کہ اس کے ساتھ ہی employment ہو گی ۔ لیکن میں یہ ضرور گذارش کروں گا کہ جہاں پر بھی employment ہو رہی ہو خواہ گریڈ ون میں ہو گریڈ ۱۹ میں ہو یا گریڈ ۲۰ میں ہو اس میں at least ہر ممکن طریقے سے کوشش کی جائے کہ merit کو لیا جائے تا کہ merit پر جو ریکٹرونمنٹ ہو گی تو اس سے جناب والا کسی کی دل شکنی نہیں ہوگی اور ہر ایک کہے گا کہ merit پر گیا ہے کسی MNA, MPA یا کسی influential آدمی کی سفارش پر نہیں گیا ۔ اس سے لوگوں کی دل شکنی نہیں ہوگی ۔ لوگ ذہنی طور پر پرسکون ہوں گے ۔ satisfy ہوں گے کہ اس نے محنت کی ہے وہ لائق تھا اس لئے گیا ہے اور ہم بھی محنت کریں گے تو جائیں گے ۔ اب لوگوں میں دل شکنی اس لئے پیدا ہو رہی ہے ۔ discontment اس لئے پیدا ہو رہی ہے کہ اگر کسی جگہ پر تین یا چار posts نکلتی ہیں خواہ وہ گریڈ ایک میں ہوں گریڈ دس میں ہوں ۱۵ میں ہوں ۱۹ میں ہوں ۲۰ میں ہوں ۔ جناب ایسی evidences موجود ہیں کہ نالائق لوگ ، فیل لوگ جنھوں نے امتحانوں میں تھرڈ ڈویژن لی ہے وہ پاس ہوئے ہیں اور جو فرسٹ کلاس فرسٹ آئے ہیں ، جن کی فرسٹ ڈویژن ہے وہ رہ گئے ہیں ۔ اب ہمیں یہ نہیں پتہ ہے کہ وہ سفارش پر گئے ہیں یا اپنے آپ گئے ہیں یہ ہمیں پتہ نہیں ہے لیکن ایسے لوگ گئے ہیں جو merit پر نہیں آ سکتے تھے اور ان کے جاننے والے اس امتحان میں بیٹھنے والے ۵۰ یا ۱۰۰ جو تھے میرے کلاس فیلو جو تھے وہ یہ سمجھتے ہیں کہ میرا career میٹرک سے لے کر ایل ۔ ایل ۔ بی تک تھرڈ کلاس رہا ہے اور میں اگر گیا ہوں تو جو فرسٹ کلاس فرسٹ آ رہے ہیں اس کی دل شکنی ضرور ہوگی ۔ اسی طرح ہمارا جو

پہلا ریزولیوشن جو ڈیفر ہوا ہے اس پر جناب پیرزادہ صاحب کی تقریر کے بعد اس کی ضرورت نہیں تھی لیکن جناب قمرالزمان شاہ صاحب نے ان سے request کی تھی کہ یہ ٹھیک ہے کہ آپ کے وسائل نہیں ہیں - ہم تسلیم کرتے ہیں اور اصولی طور پر گورنمنٹ نے بھی تسلیم کیا ہے لیکن اس ریزولیوشن کے بہانے ہم کچھ تکالیف آپ کے نوٹس میں لانا چاہتے ہیں اور وہ بھی جناب یہی تھیں کہ اس وقت ملک میں سب سے زیادہ جو لوگ unemployed ہیں وہ سکول کے ٹیچرز ہیں جو PTC, JV اور CT وغیرہ trained ہزاروں کی تعداد میں بیٹھے ہیں اس لئے ان میں discontentment ہے کیوں کہ ایک سکول میں پانچ اساتذہ کی ضرورت ہے تو پانچ کو نوکری ملے گی ۵۰۰ کو تو نہیں ملے گی - ان کو پتہ ہے اور discontentment اس لئے کہ جو سکول سے فرسٹ کلاس کا سرٹیفکیٹ لے کر آتے ہیں وہ گھر میں بیٹھے ہوئے ہیں اور جو تھرڈ ڈویژن میں پاس ہوئے ہیں ان کا نمبر وہاں آ گیا ہے - ان کی appointment ہو گئی ہے اس لئے discontentment ہوگی وہ merit لسٹ لگا دیں اور جو merit پر نکلتا جائے اس کو employment دے دیں - اس لئے میں وزیر صاحب سے عرض کروں گا اور ہم ان کے مشکور ہیں کہ انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے - اور یہ گورنمنٹ کا فرض تھا ، لیبر ڈویژن کا فرض تھا کہ وہ یقین دہانی کرائے اور وہ scientific systamic سروے کرائے اور لیبر ڈویژن کو سالانہ رپورٹ پر پتہ ہو کہ ہمارے ملک میں کتنے لوگ ٹیکنیکل اور کتنے لوگ نان ٹیکنیکل ، کتنے educated اور کتنے uneducated ہیں اور ایک سال میں کتنے لوگوں کو نوکری ملے گی اور کتنی آبادی بڑھے گی اور پاپولیشن ratio اور increase ratio میں کتنا تناسب ہوگا اور پانچ سال بعد پاپولیشن کا ratio نہ بڑھے بلکہ employment کا ratio زیادہ بڑھے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ متعلقہ ڈویژن کو گو ان کے ساتھ ان کا تعلق نہیں ہے لیکن اس کا لیبر پالیسی کے ساتھ تعلق ہے کہ کسی بھی جگہ خواہ گورنمنٹ سروس ہو یا autonomous bodies میں ہو خواہ کسی بھی جگہ کوئی ریکوائرمنٹ ہو جناب وہ للہ فللہ merits پر کریں - اس سے 80%discontentment میں تو 60% دور ہو جائے گی - اگرچہ آپ کا direct تعلق نہیں ہے لیکن لیبر کے ساتھ اس کا تعلق ہے اس لئے متعلقہ ڈویژن کو اور متعلقہ صوبائی حکومتوں کو ہدایت کریں یا میٹنگ بلا کر یہ فیصلہ کریں کہ strictly merit پر جائیں سفارشی لوگوں کی

بھرتی بند کی جائے اس سے یوتھ میں discontentment کم ہو جائے گی۔
شکریہ۔

**Mr. Presiding Officer :** Senator Qamaruzzaman Shah.

**Syed Qamaruzzaman Shah :** Sir, this is what I and the honourable Minister had anticipated that when the debate starts on this motion it will be taking about everything else except what is there in the motion, because once the issue is settled that survey will be conducted, there will be no further need to discuss this portion. But now since new issues have come in, I would like also to take few minutes of this august House. What I gathered from Mr. Kamal Azfar's speach is :—

No. 1 : We do not have proper educational system that can provide opportunities to all brilliant people, wherever they are in every nook and corner of the country, so that they should be able to develop their own faculties and should have an opportunity to shine as the top persons not only in the country but in the world. The other thing that was brought out was that there is so much of unemployment that every time a backlog is shown. Sir, I would like to inform Mr. Azfar to kindly see the whole situation, and the entire complex with a broad vision what is happening in the education. Every youngster wants that in every examination in which he appears he is passed even if he has to pass with grace marks. These grace marks is a new thing that has come up.

No. 2 : In certain examinations they want to be declared as passed even without appearing in the examination.

No. 3 : They must be given First Division.

No. 4 : And by all these methods when they get the First Division, they must be given admission in the Technical institutions. After they come out of the Technical institutions, they must get jobs and then it should become the duty of the Government to provide them jobs.

Mr. Azfar has been abroad to number of countries where education is linked with employment. There only that much number of students are admitted in the Technical Institutions as many graduates are required in that year to be absorbed in the Technical fields. Not one person comes out of the University with the technical degree unless there is a post for him to be employed. Now, that is another situation. It is very easy to say that we should have mass education, have compulsary education upto a certain standard, have free education all arround, have more graduates, more technicians, and more doctors. Well, then all of them should know that if ten years back a man with Master's degree or a Bachelor's degree could get a job of a higher grade, today that man

should be prepared to accept a job of a lower grade, because there are more efficient people, more experienced people available. I can quote you a number of examples where people having Agriculture degrees are not prepared to go to the farms. In our country theory has not been inter-mingled with practice. Our graduates feel shy in doing the manual work, in going to the site or standing at the farms. They would like to get the jobs in the offices, where they should have facilities to speak on the telephone and things like that. Our youths should also realize that if they have to build the country then they have to start from the scratch. Survey will be carried on certainly, but the purpose for which Mr. Kamal Azfar has introduced this resolution, has two aspects—the responsibility of the Government and the responsibility of every citizen of Pakistan including the youth and the educated youth of Pakistan. Sardar Aslam has given a point that the frustration is only when a more efficient youth is taken but I tell you that the scope of employment is so limited that there are number of institutions in our country, number of Corporations, number of departments with the result that many times our administrative budget is more than our development budget. Now, on the one side you want to have development in the country, you want to have road, hospitals, build new institutions and on the other side you want him to do all that. So, everything has got to be seen in proper perspective. Everyone should also realise that we are a poor country and that gone are the days when after graduation you must get a Babu's job. Those Britishers' days are over. Now, we must do manual work. Mr. Pirzada said that so much money was spent on giving salaries to teachers. May I ask Mr. Kamal Azfar, how many schools have been built when he was Minister because we have no money for schools.

**Mr. Kamal Azfar :** In my time the medical colleges were doubled.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** کمال صاحب یہ کراس ٹاک کی بات نہیں ہوگی ۔

**Syed Qamaruz Zaman Shah :** You are fully aware of the situation.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** یہ کراس ٹاک تو یہاں پر نہیں چلے گی کیوں کہ یہاں پر اس کی پریکٹس بھی نہیں ہے ۔

**Syed Qamaruz Zaman Shah :** Yes, you doubled the number of medical colleges but ask Mr. Cheema has he been able to employ all the doctors.

**Mr. Kamal Azfar :** There had been a brain-drain. He has stopped them from going abroad.

**Mr. Hafizullah Cheema :** Because it is a people's Govt.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : یہ کراس ٹاک سے تو قمرالزمان شاہ صاحب کے ساتھ بڑی زیادتی ہو رہی ہے ۔

**Mr. Kamal Azfar :** I am part of the Peoples Government.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : آپ تشریف رکھیں اگر بعد میں کوئی بات کرنا چاہیں تو پھر دیکھیں گے ۔ ابھی آپ تشریف رکھیں ۔

**Syed Qamaruz Zaman Shah :** I think, as mover of the resolution he will have a right to answer. I would, therefore, elucidate what I have said. I said that although he doubled the medical colleges but education was not nationalised at that time. It was not the responsibility of the Government to pay salaries of teachers of Karachi and Sind. That situation has arisen only after nationalisation. It is the duty of the Government to pay salaries of teachers and 90% of the education budget has gone towards the salaries. No new schools have been built during this time. This is a fact. Forty crores of rupees are being spent in giving salaries to the teachers. So, Sir, all these things ought to be linked. The youth has again to be informed that they have their own duties, that dignity of labour has to be brought in, and that people have got to know the working in the fields, people have got to work on the ground. They have got to know that this is more dignified than sitting in an office and working through the telephone. The Government has said that it will carry out a survey which will show how to link all these things. Therefore, Sir, as it is, since the Pandora's box has been opened this will also give information on all these which have been brought out.

**Mr. Presiding Officer :** Senator Sher Mohammad Khan.

جناب شیر محمد خان : مسٹر چیئرمین سر ! میرے خیال میں معزز وزیر متعلقہ صاحب کی طرف سے اس یقین دہانی کے بعد کہ حکومت پہلے سے اس ملک میں بیروزگار تعلیم یافتہ یا غیر تعلیم یافتہ جتنے بھی ملک کے باشندگان ہیں ان کے متعلق سروے کر رہی ہے ، اس ایوان میں اس قرارداد کو زیر بحث نہیں لانا چاہئے تھا کیوں کہ اس سے بہت سارے ایسے دوسرے مسائل بھی پیدا ہو سکتے ہیں جن سے کسی فائدے کی ہم توقع نہیں کر سکتے ۔ بہر صورت اب چوں کہ یہ قرار داد پیش ہو چکی ہے اور اس میں ایوان کے ہر رکن نے حصہ لیا ہے تو میں نے بھی اس ضمن میں یہی گذارش کرنی تھی کہ میرے دوست کمال اظفر صاحب نے صرف educated youth کے لئے کہا ہے کہ

حکومت کا سروے اس کلاس تک محدود ہو اور ملک میں معلوم کیا جائے کہ کتنے تعلیم یافتہ حضرات ہیں اور ان کو روزگار کس طرح دیا جا سکتا ہے۔ میں اس کے ساتھ یہ گذارش کروں گا کہ ملک میں بیروزگاری دونوں طرف سے ہے۔ تعلیم یافتہ اور غیر تعلیم یافتہ دونوں طرف سے بے روزگاری ہے ۔ جناب والا ! ایسے علاقے میں جس میں ایک طرف سے گورنمنٹ کی طرف سے تعلیم کی کوئی مراعات نہیں ملی ہیں اور نہ ہی کوئی سکول اور کالج اس علاقہ میں ہیں اور دوسری طرف سے یہ سروے صرف ان حضرات تک محدود کریں جو تعلیم یافتہ ہیں تو جناب چیئرمین ! میں اس ضمن میں دستور کے آرٹیکل ۳ کا اقتباس پیش کروں گا :

> "The State shall ensure the elimination of all forms of exploitation and the gradual fulfilment of the fundamental principle, from each according to his ability to each according to his work."

سوال تعلیم یافتہ اور غیر تعلیم یافتہ کا نہیں ۔ ملک کا ایک ایک شہری جو بے روزگار رہے گا ، اس کے ذہن میں کئی وسوسے ، اندیشے اور مایوسی پیدا ہوگی اور جس طرح کہ کمال اظفر صاحب نے کہا ہے کہ جن افراد کو روزگار نہیں ملے گا انہیں ملک کے دشمن اپنے مذموم عظائم میں استعمال کریں گے تو وہ صرف تعلیم یافتہ نوجوانوں کو ہی استعمال میں نہیں لا سکتے بلکہ غیر تعلیم یافتہ افراد کو بھی بآسانی ورغلا سکتے ہیں کیوں کہ جب وہ روزگار نہ ملنے کی وجہ سے مایوس ہوتے ہیں تو پھر بڑے خطرناک قسم کے کام کرنے کے لئے بھی تیار ہو جاتے ہیں ، وہ خود کشی کرنے کے لئے بھی تیار ہو جاتے ہیں اور اس مسئلہ کو جس طرح سردار اسلم صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ وہ قابلیت کی بنا پر نہیں تو میں اس ضمن میں عرض کروں گا کہ اس مسئلہ کو پیچیدہ بنانے میں دو چیزوں کے علاوہ ایک تیسری چیز بھی ہے اور وہ ہے تعلیم یافتہ روزگار افراد جو کہ پہلے سے کسی نہ کسی سرکاری دفتر میں ملازمت کرتے ہیں ۔ لیکن جب کبھی اخبار میں کوئی اشتہار آتا ہے کہ کسی دوسرے محکمہ میں یا سرکاری دفتر میں کوئی vacancy ہے تو سرکار کے اس قانون کی پرواہ کئے بغیر کہ درخواست اپنے دفتر کی وساطت سے بھجوائیں وہ براہ راست درخواستیں دے دیتے ہیں ۔ اور اس طرح اگر دس درخواستیں بے روزگار

تعلیم یافتہ حضرات کی طرف سے آتی ہیں تو بیس درخواستیں ان حضرات کی طرف سے آ جاتی ہیں جن کو پہلے سے روزگار ملا ہوا ہے ۔ اور پھر وہاں مقابلہ قابلیت اور تعلیم کی بنا پر نہیں ہوتا بلکہ وہاں نوکری سفارش اور رشوت کی بنا پر ملتی ہے اور اس نے ہمارے ملک میں روزگار کے مسئلہ کو اور پیچیدہ بنا دیا ہے ۔ میں جناب چیمہ صاحب کی خدمت میں آپ کی وساطت سے گذارش کروں گا کہ جتنی دیر تک حکومت کا یہ سروے کہ کس طرح روزگار لوگوں کو دیا جاتا ہے ۔

اس بے روزگاری کے مسئلے میں حکومت مناسب انداز سے کام کرنا چاہتی ہے ۔ اتنی دیر تک حکومت کم سے کم یہ انتظامات کرے کہ جن لوگوں کو روزگار ملا ہوا ہے وہ دوسرے بے روزگار حضرات کے لئے تکلیف اور مشکلات کا باعث نہ بنیں اور دوسرے یہ کہ صرف قابلیت و اہلیت کی بنیاد پر وہاں روزگار ملے ، اس میں رشوت اور سفارس کا دخل نہ ہو ۔ جناب والا ! ہمارے اسکول اور کالجز سے جتنے بھی لوگ فارغ ہو جاتے ہیں، ان کے پیش نظر صرف یہ بات ہوتی ہے کہ ان کو روزگار ملے ۔ لیکن وہ لوگ کرسی پر بیٹھ کر افسر کی حیثیت سے کام کرنے کی بجائے مزدور کی حیثیت سے فیکٹری اور ملوں میں کام کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے اور جتنی دیر تک اس ملک میں یہ رجحان رہے گا ۔ اتنی دیر تک یہ مسئلہ حل نہیں ہو سکتا ۔ اگر ہم اسکولوں اور کالجوں میں ایسے نوجوان تیار کریں گے جو دفتر میں بیٹھ کر بابو کی حیثیت سے ، افسر کی حیثیت سے کام کرنا چاہیں گے اتنی دیر تک یہ مسئلہ الجھتا ہی رہے گا ۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم اسکولوں اور کالجوں میں نوجوانوں کے ذہن اس نہج پر تیار کریں کہ ان کو جہاں بھی کام ملے ، جہاں بھی ان کی ضرورت پڑے خواہ انہیں کوئلے کی کان میں مزدوری کرنا پڑے ، جہاں بھی انہیں کام ملے جہاں بھی انہیں روزگار ملے ، کام کرنا چاہئے یہی نہیں کہ صرف کرسی پر بیٹھ کر حکم چلائیں ۔ انہی گذارشات کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : سینیٹر نرگس زمان کیانی ! زہری صاحب کیا آپ پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں ؟

جناب میر نبی بخش زہری : میں کچھ بولنا چاہتا ہوں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : ان کے بعد انصاری صاحب ہیں پھر آپ ۔

جناب نرگس زمان خان کیانی : جناب چیئرمین ! جہاں تک اس قرارداد کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں یہ نہایت ضروری اور قابل رحم قرار داد ہے ۔ قابل رحم اس لئے کہ جن لوگوں کے حق میں یہ قرارداد پیش کی گئی ہے ان کے حالات قابل رحم ہیں ۔ جہاں تک میرے دوست کمال اظفر صاحب کی اس قرار داد کا تعلق ہے اس کو ہمارے ہاؤس میں غلط رنگ دیا جا رہا ہے ۔ ان کے خیال کے مطابق یہ بات نہیں تھی کہ عوامی حکومت کے پاس ہمارے اس ملک میں جو بے روزگاری ہے اس کا حل نہیں ہے یا حل نہیں ہو رہا ہے اور بے روزگار لوگوں کو روزگار نہیں مل رہا ہے ۔ ان کے کہنے کا مطلب یہ تھا کہ اس بات کی ضرورت ہے کہ اس ملک میں جتنا بھی تعلیم یافتہ طبقہ ہے ۔ اس کا سروے کیا جائے کہ کتنے لوگ اس ملک میں تعلیم یافتہ بے روزگار ہیں جن کے لئے کوئی کاروبار نہیں ہے ۔ اس میں کوئی ایسی بات نہیں تھی کہ ان کی اس قرارداد کو دوسرا رنگ دیا جاتا جہاں تک بے روزگاری کا مسئلہ ہے وہ دو طبقوں کے درمیان ہے ۔ ایک طبقہ مزدوروں کا ہے اور دوسرا طبقہ تعلیم یافتہ لوگوں کا ہے ۔ جہاں تک مزدوروں کا تعلق ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ملک میں مزدور اب اس حالت میں پہنچ گئے ہیں کہ ان کے لئے اب کوئی پریشانی اس قسم کی نہیں ہے لہٰذا ان کے لئے بے روزگاری کا کوئی مسئلہ ہے ۔ اگر بے روزگاری کا کوئی مسئلہ ہے تو ان تعلیم یافتہ لوگوں کے لئے ہے جو مزدوروں کے ساتھ مل کر کسی قسم کی مزدوری نہیں کر سکتے ، کسی ٹرک پر سامان نہیں لاد سکتے ۔ ان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ہمیں جس تردد سے ہمارے والدین نے تعلیم دلوائی ہے ۔ اس کے صلے میں ہمیں باعزت روزگار بھی میسر آئے تاکہ ہم اپنے والدین کی خدمت کر سکیں ۔ اس سلسلے میں یہ گزارش کروں گا کہ نیشنل اسمبلی اور سینیٹ کے ارکان کی ایک مشترکہ کمیٹی بنائی جائے تا کہ وہ ایک سروے کریں اور سروے کرنے کے بعد ان کا جو حال ہو وہ عوامی حکومت کے سامنے پیش کریں تاکہ یہ مسئلہ خدا کرے کہ حل ہو جائے اور عوامی حکومت نے لوگوں کے ساتھ جو وعدہ کیا تھا وہ پورا ہو سکے ۔ جہاں تک وزیر موصوف کی اس بات کا تعلق ہے کہ اگر کوئی آدمی

بے روزگاری کی وجہ سے ہلاک ہو جاتا ہے تو اس کے دوسرے بھائی کا حق نہیں بنتا ۔ میں اس ضمن میں گذارش کروں گا کہ ایک فرد اگر بے روزگاری کے ہاتھوں ہلاک ہو جاتا ہے یا خود کشی کر لیتا ہے اور اگر اسی گھر کے دوسرے فرد کو خواہ اس کا بھائی ہو ملازمت دی جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ، بلکہ میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ ان لوگوں کا حق بنتا ہے ۔ ہمارے ملک میں اتنے لوگ بے روزگاری کے ہاتھوں ہلاک نہیں ہو رہے ۔ ہمیں ان کے ساتھ ہمدردانہ سلوک کرنا چاہئیے ۔ ان کو روزگار ملنا مشکل ہے ۔ اس میں ہمیں ان لوگوں کے ساتھ ہمدردی ہونی چاہئیے اور کوشش کرنی چاہئیے کہ اگر کسی گھر کا کوئی فرد بے روزگاری کے ہاتھوں ہلاک ہو جاتا ہے تو کسی دوسرے فرد کو روزگار فراہم کریں ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ عوامی حکومت نے این ۔ ڈی ۔ وی ۔ پی کی صورت میں بے روزگاری کو ختم کرنے کے سلسلے میں قابل تحسین کام کیا ہے لیکن جہاں تک تعلیم یافتہ لوگوں کا تعلق ہے ان کی اتنی زیادہ تعداد ہے کہ وہ بیچارے پریشان ہیں اور ہمارے ملک میں وسائل بھی اتنے کم نہیں ہیں ۔ میں آخر میں گذارش کروں گا کہ یہ قرارداد ، جو میرے دوست کمال اظفر صاحب نے پیش کی ہے ، نہایت ضروری قرارداد ہے ۔ اس پر ہمدردانہ غور کیا جائے تا کہ یہ مسئلہ خدا کرے کہ حل ہو سکے ۔ اس کے ساتھ میں اجازت چاہتا ہوں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : جناب انصاری صاحب ۔ اس کے بعد آپ زہری صاحب ۔

میر نبی بخش زہری : آپ نے فرمایا تھا اسی لئے میں اٹھا تھا ۔ میں بعد میں بھی اٹھ سکتا تھا ۔ مجھ میں بہت صبر ہے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : تھوڑا سا صبر اور کر لیجئے ۔

جناب عبداللطیف انصاری : جناب چیئرمین صاحب ! جیسا کہ اس سے پہلے بہت سے سینیٹر صاحب اس ریزولیوشن پر روشنی ڈال چکے ہیں ، میں بھی اس قرارداد پر اپنے چند خیالات کا اظہار اسی نوعیت سے کرتا ہوں جیسا کہ پہلے وزیر صاحب فرما چکے ہیں ۔ اس قرار داد کا جو اہم پہلو تھا وہ یہ تھا کہ اس

ملک میں ایک سروے کیا جائے اور اس بات کی یقین دہانی کے بعد میں بھی سردار اسلم کی طرح یہ سمجھتا تھا کہ اس موضوع پر گفتگو نہ کی جائے لیکن چند دوستوں نے جو اظہار خیال کیا ہے۔ اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ موجودہ حکومت نے اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے جو جستجو اور جو کوشش کی ہے اس سے پیشتر کسی بھی حکومت نے نہیں کی۔ جتنے ہمارے ملک میں وسائل ہیں اس کو سامنے رکھتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ ملازمت پیشہ حضرات کو جو مراعات، جو سہولتیں اس موجودہ حکومت نے دی ہیں اس سے پہلے نہیں تھیں۔ اسی حکومت کے دور میں لوگوں کی تنخواہیں بڑھائی گئی ہیں، اسی حکومت کے دور میں ملازمت پیشہ حضرات کو وہ سہولتیں دی گئیں جو پہلے نہیں تھیں لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ میں اس بات کو بھی نظر انداز نہیں کر سکتا ہوں کہ ہمارے ملک میں بے روزگاری کو کس طرح ختم کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت جس طریقہ پر کوشش کر رہی ہے تو یہ مسئلہ بھی انشاءاللہ حل ہو جائے گا لیکن یہاں پر اس بات کو دیکھنا ہے کہ ہمارے ملک کے اندر جو نوجوان ہیں وہ کیا چاہتے ہیں جیسے کہ ہمارے دوست قمرالزمان شاہ صاحب نے فرمایا کہ وہ تو صرف ایسی ملازمت چاہتے ہیں جہاں پر کہ ان کی پوزیشن ہو اور ٹیلیفون ہو اور اس طریقے سے میں دیکھتا ہوں کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کی درخواستیں ایسے محکموں میں جاتی ہیں جہاں کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں آمدنی زیادہ ہو گی، جہاں کہ وہ افسر ہوں گے۔ لیکن انہیں بات کو دیکھنا ہے کہ یہ اسباب کیوں پیدا ہوتے ہیں۔ یہ اس لئے پیدا ہوتے ہیں کہ لوگوں میں materialism پھیلا ہوا ہے۔ ان کے ذہن پر زیادہ پیسہ کمانے اور زیادہ آمدنی حاصل کرنے کا جو بھوت سوار ہے۔ اس کو اس ملک سے دور کیا جائے۔ لوگوں کے اندر جو ہوس دولت پیدا ہو گئی ہے اس کو کم کیا جائے تا کہ لوگ یہ پہچان سکیں کہ ہمارے ملک میں کس چیز کی ضرورت ہے۔ کس پیشے اور کس ملازمت کی ضرورت ہے۔ ملک میں نہ صرف ملازمت کرنی ہے لیکن ایسی اور بھی چیزیں ہیں، اور بھی ایسے کاروبار ہیں، اور بھی ایسے کام ہیں۔ جیسا کہ میرے دوست نے کہا کہ ہمارے ایسے کافی Graduate, Agricultural graduates ہیں جو field پر نہیں جاتے ہیں، وہ اس چیز کو نہیں دیکھتے ہیں کہ ہمارا ملک زرعی ملک ہے، ہمیں اپنی زراعت کی طرف زیادہ توجہ دینا ہے، اس کو mechanized کرنے پر

توجہ دیں تا کہ ہمارے ملک کی پیداوار بھی بڑھے اور زیادہ سے زیادہ لوگ اس کام میں بھی لگیں - لیکن لوگوں کی ذہنیت کو ہم کیا کر سکتے ہیں ! لوگوں کی ذہنیت حکومت تبدیل نہیں کر سکتی - اس کے لئے ملک اور معاشرے کو، خود اپنے حالات کو تبدیل کرنے کے لئے کوشش کرنی پڑتی ہے - ان حالات کے لئے ہم نے دیکھنا ہے کہ اس سلسلے میں حکومت کیا کر رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت نے جو اصلاحات نافذ کی ہیں - موجودہ حکومت کا جو پروگرام ہے، جس طریقے سے کام کر رہی ہے - وہ یہ کام ہو رہا ہے کہ اس ملک میں دولت جو چند ہاتھوں میں سمٹ کر رہ گئی ہے - اس کو تقسیم کیا جائے اور یہاں پر ایسا معاشی پروگرام دیا جائے، جس سے ملک کے سارے طبقے خوش حال ہوں اور سارے لوگوں کی جو تکالیف ہیں وہ دور ہوں اور اس کے لئے حکومت پروگرام لا کر یہ کوشش کر رہی ہے - لیکن بد قسمتی یہ ہے اور میں یہاں مثالیں دوں گا کہ ہم اپنے معاشرے کو کیا کریں - میں حیدر آباد کے ایک مقتدر لیڈر کی مثال دوں گا - مجھے یاد ہے کہ الیکشن اور اس سے پہلے جو تقریریں ہوتی تھیں اس وقت کے دور میں وہ لیڈر یہ تقریریں کیا کرتے تھے کہ بھئی دولت کو تقسیم کرو - دولت کو تقسیم کرو - یہ ان کا تکیہ کلام ہوتا تھا - لیکن کیا کیا جائے جن لوگوں کو اس بات کے اوپر ذمہ داریاں دی گئیں تو انھوں نے دولت سمیٹنی شروع کر دی بجائے تقسیم کرنے کے - ان کو بڑے عہدے بھی دیئے گئے - لیکن ان لوگوں نے اپنے پاس دولت جمع کی اور آج مرسیڈیز کاروں کے کاروبار کرتے ہیں، لیکن یہ اصول حکومت کا نہیں - یہ اصول ان افراد کا ہے، اور وہ افراد اپنے عمل اور فعل میں کتنا تضاد رکھتے ہیں - حکومت اپنے عمل اور اپنی کوشش سے ملک کے حالات کو بہتر کرنے کے لئے کام کر رہی ہے - ہمیں ان لوگوں میں یہ جو materialism اور دولت اکٹھے کرنے کی دوڑ لگی ہوئی ہے اس کو ختم کرنا ہے - ہمیں ان لوگوں کو اس بات کا احساس دلانا ہے کہ یہ حکومت ملک کی بہتری کے لئے ملک میں بے روزگاری کو ختم کرنے کے لئے جو اقدامات کر رہی ہے وہ اس سے پیشتر نہیں کئے گئے - NDVP کی اسکیم موجودہ حکومت کی پیدا کی ہوئی ہے - اس سے پیشتر یہ پیدا نہیں ہوئی تھی - لیکن اس کے باوجود مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جہاں تک مجھے علم ہے کہ اس سکیم کے تحت بھی اب سندھ گورنمنٹ استادوں کو تنخواہیں دینا بند کرنا چاہتی ہے -

اور وہ ان استادوں کو جو اس اسکیم کے تحت ملازم کئے گئے تھے تنخواہیں نہیں دینا چاہتی ہے ۔ اور مرکزی حکومت چاہتی ہے کہ ان کو absorb کیا جائے ان کو وہاں ملازمتیں دے دی جائیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ یہ کوئی بہتر طریقہ ہے ۔ جتنی بھی ملازمتیں ہیں این ۔ ڈی ۔ وی ۔ پی کا ایک temporary programme ہوتا ہے temporary ملازمتیں ہوتی ہیں تاکہ ان کو absorb کیا جائے اور پھر نئے volunteer ان کی جگہ آ کر لیں ۔ اس کے ساتھ ساتھ جتنی development بڑھے گی اتنے ہی ملازمتوں کے لئے مواقع فراہم ہوں گے ۔ موجودہ حکومت نے کراچی میں اسٹیل مل قائم کی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہاں پر لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کو ملازمتیں ملیں گی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت ایسے ہی پروگراموں کے تحت جیسا کہ وزیر صاحب نے یقین دہانی کرائی ہے اور یہ سروے کیا جا رہا ہے ۔ انشاءاللہ یہ مسئلہ حل ہو جائے گا ۔ میں ان چند الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مسٹر نبی بخش زہری ۔

جناب نبی بخش زہری : جناب چیئرمین ! زیر بحث قرارداد جسے میرے دوست جناب کمال اظفر نے پیش کیا ہے ۔ اس پر کمال اظفر صاحب نے خود اور دوسرے معزز ممبران نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ میرے خیال میں بہت سارے ممبروں نے بہت اچھے اور بہتر انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور اس میں کمی نہیں رہی ۔ مگر میں بھی چاہتا ہوں کہ اپنے خیالات جو بھی ہیں وہ اس معزز ایوان میں آپ کی وساطت سے پیش کروں جہاں تک کہ تعلیم کی ترقی کا سوال ہے ہماری گورنمنٹ نے بہت کچھ کیا ہے جیسا کہ اور ممبروں نے بھی اسی انداز پر بحث کی ہے اور تعریف کی ہے کہ اس وقت تعلیم کی جو پراگریس ہے اور رفتار ہے بہت تیز ہوئی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے اور ہمیں اس کی قدر ہے اور احساس ہے ملک بھر کے لوگ تعلیم کے متعلق یہ سمجھتے ہیں کہ ہر جگہ گاؤں میں اگر پہلے سکول نہیں تھے تو اب میرے خیال میں اکثر جگہ پر ہائی اسکولوں اور کالجوں تک انتظامات ہو گئے ہیں ۔ اب ارادہ یہ ہے کہ زیر بحث قرارداد میں unemployment کے متعلق ذکر کیا گیا ہے اور جن دوستوں نے اس قرارداد کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔

میں اس میں کچھ اضافہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ ہماری حکومت پاکستان کی unemployment department موجود ہے اور Labour Department بھی جیسا کہ آنریبل منسٹر صاحب نے مختصر الفاظ میں خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ وہ سروے کر رہے ہیں ۔ میں اس میں چاہتا ہوں کہ جس طرح سے ہمارے تعلیمی پروگرام کی رفتار تیز سے تیز تر ہوتی جا رہی ہے ۔ اسی انداز پر ساتھ ساتھ ہمیں ایمپلائمنٹ کے انتظامات بھی زیادہ سے زیادہ کرنا لازمی ہیں ۔ کیوں کہ جس قسم کے تعلیم یافتہ نوجوان ہمارے سکولوں ، کالجوں اور یونیورسٹیوں سے نکلتے ہیں ۔ حکومت سمجھتی ہے اور سمجھنا چاہئے کہ ان کو روزگار کی ضرورت پڑتی ہے ۔ میرے نزدیک جہاں تک تعلیم دینے کا مقصد ہے وہ ایک بہت بڑی مہم اور کام ہے۔ مگر ساتھ ساتھ ان کے لئے بھی کیوں کہ وہ ہم ہی نہیں کہ سوچیں اور ہماری حکومت اس بات پر سوچے اور ہم سوچیں کہ جو تعلیم میں پراگریس ہے ، ہر سال جتنی تعداد اور جس معیار کے تعلیم یافتہ لوگوں کی ہے اس کے متعلق کیوں نہ ہم ملک گیر اور بڑے پیمانے پر سوچ کر ایک پروگرام ان کے لئے بھی مرتب کریں ۔ جن کی مثال میں دے دوں کہ ٹیکسٹائل مل کا مالک اگر ایک طرف پروڈکشن اور خام مال کا انتظام کرتا ہے تو دوسری طرف اس کی سیل اور dispose of کرنے کی بھی اس کی management ہے ۔ ہماری unemployment کی ڈپارٹمنٹ جو روزگار دلانے کے لئے یہاں بر سر پیکار ہے اس میں کوئی شک نہیں ۔ میں اس میں اضافہ چاہتا ہوں ۔ میرے ذہن میں مدت سے یہ تھا اور اس کی اشد ضرورت ہے کہ یہاں unemployment کے لئے باقاعدہ ایک full fledged وزارت ہونا لازمی ہے ۔ نہ صرف یہ کہ چند دوستوں نے کہا کہ جو لوگ تعلیم یافتہ ہیں ان کو گورنمنٹ کو روزگار دلانا لازمی ہے بلکہ جو غیر تعلیم یافتہ بیروزگار ہمارے ملک میں ہیں وہ بھی تو اس ملک کے باشندے ہیں ۔ ان کا یہ قصور نہیں کہ دس سال ، بیس سال ، بائیس سال پہلے کسی حکومت نے تعلیم کا انتظام نہیں کیا تھا ۔

آخر ان کو بھی ان کے معیار کے مطابق روزگار لازمی ہے ۔ اس کے لئے صرف ایک ڈیپارٹمنٹ جو کہ وزارت کا ایک حصہ ہو ، اس میں افسروں کو محدود حد تک اختیارات ہوں تاکہ وہ یہ کام کر سکیں ۔ کیوں نہ ہم یہ بات

اپنی گورنمنٹ کو کہیں اور تجاویز دیں اور اسے زیر بحث لائیں تاکہ گورنمنٹ اس کا نوٹس لے اور وہ اس کو consider کرے یہ بات لازمی ہے ۔ جس طرح یہاں یہ بات ہوئی ہے کہ ہمارے اساتذہ کسی وجہ سے گریڈ اپ مانگتے ہیں ، ہمارے سٹوڈنٹ سہولتیں مانگتے ہیں تو قدرتی بات ہے کہ ہم انکار نہیں کر سکتے ، کچھ شکائتیں ہیں کہ سفارش سے ملازمت ملتی ہے ، پھر یہ بھی کہا گیا ہے اور میرے ایک دوست نے کہا ہے کہ آج کل جو روزگار مل رہا ہے ، اس کے لئے indirect درخواستیں لیتے ہیں ۔ یہ بڑا معقول مسئلہ ہے ۔

جناب والا ! میری یہ گذارش ہے کہ جن لوگوں کو پہلے روزگار گورنمنٹ کے اداروں میں یا کسی جگہ بھی ملا ہوا ہے ، ان کو گورنمنٹ ہدایت جاری کر دے کہ وہ اس عہدے کے لئے درخواست نہ دیں کیوں کہ مقابلے میں ایسا ہوتا ہے کہ جن لوگوں کو روزگار نہیں ہوتا وہ اس معیار کے تو ضرور ہوتے ہیں ، ان کے پاس علم ہوتا ہے اور وہ مستحق بھی ہوتے ہیں اور ایسے لوگ جو بالا تر عہدے کی تلاش کے لئے اس عہدے کے لئے درخواست دیتے ہیں ، ان میں تجربہ بھی زیادہ ہوتا ہے اور صلاحیت بھی زیادہ ہوتی ہے کیوں کہ ان کے پاس دفتر کا تجربہ ہوتا ہے ۔ ان اسٹوڈنٹس کی بہ نسبت جو کہ کالج سے یا یونیورسٹی سے نکلتے ہیں ، ایسے لوگ جو کہ پانچ چھ سال دفتروں میں لگا چکے ہوتے ہیں وہ زیادہ صلاحیت رکھتے ہیں ، زیادہ تجربہ رکھتے ہیں ، صحیح جواب دے سکتے ہیں ، انٹرویو میں کامیاب رہتے ہیں ۔ اس لئے میری درخواست ہے کہ یہ اچھا ہوگا کہ اگر گورنمنٹ ان لوگوں کو منع کر دے جو نئی پوسٹوں کے لئے درخواست دیتے ہیں کیوں کہ ان کے پاس تو ملازمت ہوتی ہے ۔ اس لئے ان کو روکا جائے کہ جو نئی پوسٹیں نکلتی ہیں ۔ ان میں دست اندازی نہ کریں ۔ اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ اس انداز میں کچھ نہ کچھ یہ مسئلہ بہتر طور پر حل ہو سکتا ہے ۔ اب رہا ملک بھر میں اس قسم کے قانون کا مسئلہ ، تو بعض ملکوں میں ایسے قوانین ہیں جن کی بنا پر ملک بھر میں unemployment کا proper survey کیا جاتا ہے ۔ جناب والا ! مجھے اس حد تک خوشی ہے ۔ پچھلی پانچ چھ حکومتوں کے مقابلے میں ہمارے وزیر صاحب نے جو کہ یہاں تشریف فرما ہیں بڑا اچھا رویہ اختیار کیا ہے اور فیصلہ کیا ہے کہ وہ سروے کرانا چاہتے ہیں ۔ میرے خیال میں اس کام پر ٹائم لگے گا ۔ اس کے لئے ایک fulfledged

منسٹر یا منسٹر آف سٹیٹ جیسا کہ ٹورزم کے لئے ہے ، بنایا جائے اور ایک الگ منسٹری قائم کی جائے ۔ اگر اس منسٹری کو متعلقہ علاقے کے نمائندوں کا یا پبلک کا تعاون حاصل ہو جائے تو یہ سروے آسانی سے ہو سکتا ہے ۔ اس طرح یہ وزارت ایک معقول طریقے سے بیٹھ کر ملک بھر کے حالات کو سمجھ کر اور وہاں کے حالات کو سمجھ کر co-ordination کر سکتی ہے کہ کیسے افراد کی ملک میں کھپت ہے اور کیسے افراد کی کھپت نہیں ہے ۔ بعض لوگ یونیورسٹیوں سے نکلتے ہیں ، ان کو روزگار نہیں ملتا اور بعض غیر تعلیم یافتہ مزدور ہیں ان کو مزدوری نہیں ملتی ۔ ان افسروں اور نمائندوں کو چاہئے کہ وہ مل کر سوچیں اور مزدوروں کو ٹیکنیکل تعلیم دیں اس لئے ضرورت ہے کہ کام کو organised طریقے سے کیا جائے اور یہ کام وہ وزارت جو کہ قائم کی جائے بہتر انداز میں کر سکتی ہے ۔

جناب والا ! بعض ایسے پرائیویٹ ادارے ہیں جو غلط طریقے سے پاکستانی باشندوں کو بیرونی ملک لے جاتے ہیں اور پھر اخباروں میں آتا ہے کہ اتنے پاکستانی پکڑے گئے ہیں ۔ پھر وہ بڑی مشکل سے کشتیوں میں آتے ہیں ۔ اس طرح یہ پکڑا جانا اور چھڑانا ہمارے ملک کی بدنامی کا باعث ہو سکتا ہے ۔ جناب والا ! میں چاہتا ہوں کہ ملک میں اس بات کا انتظام بھی گورنمنٹ کرے اور جو نیم سوختہ ادارے privately یہ کام کر رہے ہیں ان کا کنٹرول بھی حکومت کرے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا اچھا کام ہے ۔ اس لئے میں اس تجویز کے ساتھ اس کی تائید کرتا ہوں ۔ شکریہ ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : حاجی نعمت اللہ خان ۔

**Haji Niamatullah Khan :** I will take not more than three minutes, I appreciate and support the sentiments of my colleague Senator Kamal Azfar for eradication of the unemployment. But he said there should be a scientific survey and there should also be an assessed scientific way for finding out the employment for the same. Towards this I would say that most admissions of the students to colleges should be restricted to first division or such on merits, and all inefficient or third Classes should be pushed towards fields and physical work as suggested by my colleague Senator Qamaruz Zaman Shah.

Secondly, if the Government cann't, absorb educated persons, I mean the technical persons like Doctors, engineers, electrical, mechanical, Civil and

all. If they are not able to absorb them, they should be allowed to go abroad to earn foreign exchange for the country and also enhance the prestige of the country in the Commonwealth of the Muslim and other African countries. So, they should be allowed. Regarding uneducated labour or other educated persons who cannot move forward or work intellecutually, they should work in the fields. So far the peoples' Government is concerned, I will say that is the labour and the people have been provided with such vast concessions, 'maraat' and facilities that they have become lazy. I would request the labour that instead of going abroad to fetch more money on launches in every way, I would request them to work for the construction and development of the country. I think, they will find our Government, Peoples, Government not hestitating to give even more facilities because they know if they are not working on an industry and fields, there will be no production and when there is no production there would be no rewards if the industries are not producing, their salaries cannot be increased and if there is no production on the fields, there will be no production, no yields and nothing else. So, I with these few words I thank both the parties for all the sections.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میرے خیال میں اب تو کسی اور دوست نے اظہار خیال نہیں فرمانا ہوگا تو کمال اظفر صاحب آپ کچھ کہنا چاہیں گے ؟

**Mr. Kamal Azfar :** Just a few submissions Sir. I am very grateful to my colleagues, the Senators who have spoken on the subject. Sir, this question of unemployment inflation is not only inflicting Pakistan but inflicting the entire world. In fact, only 3 or 4 days back there was an article by John Kennith Galbraith in the Pakistan Times, where he has discussed the economics of anxiety and how to find solution for this question of unemployment without inflation and he says that we have been suffering in the last five years from the last accentric cost for 18th century liberalism, we have been immobelised by ideology and nostalgia and then he goes on to mention five new measures of progressive nature which can strike at the root of this problem and secure an economic policy which can secure employment without inflation. So, Sir, this debate has been carried on through out the world, and it is also important to note that this is not a problem inflicting us. Naturally this is a problem affecting the world and the Government has been doing its level best to solve this problem. I do not need A.B.C. lessons on this question because after all I am a Member of the Principles Committee and the Central Committee of the Party, and I know that it is only a revolutionary party like ours and revolutionary leader like the Prime Minister of Pakistan under whose leadership such problems can be tackled with courage and we need to help him in solving it by finding a scientific basis for it. After all it is not the Muslim League or other rightist parties which can solve these problems. Even I am quoting this article by John Kennith Galbraith talks of a classless society and he rejects the liberalism and laisser-faire approach of 18th century. So, obviously it is our task, it is historical task of the revolutionary party to fulfil this programme and to deal with this problem. It is a serious problem, and it was merely

with an attempt to find out the solutions on scientific basis that I have brought forward this resolution and there was never any intention of making any aspersions; and I am sure that the young energetic Minister for Labour will also do his best. We are trying to assist him by giving, the views of the House, and in this House, Sir, we reflect the views of the people, and the youths. After all the youth come and they come to us and ask for certain openings and, therefore, it is our task to bring it before the Government.

Now, Sir, I would like to make one or two submissions with respect to my colleague, Sher Mohammad, who has said that the problem lies because people want to become baboos. Now, of course, we know, Sir, the famous minute on education by which they wanted to create a new breed of Englishmen in this country which were English in character but otherwise in the culture but I don't think that applies any more. I have got a bundle of applications here from Mohammad Younus who is B.A. and he wants to become a Welder-trainee, from Mr. Hatim Mumtaz of Landhi Korangi who wants to become a helper and he is an Intermediate, from Mr. Sher Mohammad who is a Matriculate and he also wants to become a helper. After all it is not true any more that the youths are only looking for certain privileged occupations. There are about 100 applications here for jobs of technical nature from Intermediate, from B.As, so it is not, I don't think we can just say that, and in any case may be this is true may be what Mr. Sher Mohammad is saying it is correct, may be what I feel is correct whose right cannot be determined subjectively. In a scientific age, in this age of Science and if Pakistan has to enter the age of Science and Pakistan will enter the age of science, then we have reference to the facts and all the resolution was asking for was an assessment that the Government should conduct a survey and the Government informs us that the survey is being conducted. So, if the Government is already doing this, then how can it be any kind of embarrassment and, I think, this attitude of preaching to other colleagues in the Party, it is not a good attitude. I was in Dacca when in most difficult days I was in Party delegation there, and I have faced many people who did not go and opted out of that situation, and so many others were there. We have done our best, we have been working hard and it is only in the best spirit that we are trying to assist the Government. For instance, Sir, actually I have certain ideas. Now my friends spoke of 'Sifarish', certain colleagues spoke of 'Sifarish', So, I will again submit that until we have a full scientific assessment of unemployment, the 'Sifarish' will continue. We should find a solution. Again as my friend Sher Mohammad has said, the Article 3 of the Constitution from each according to ability to each according to his work should be implemented. But in order to find the best method of implementing it we need a survey, we need to know where are these reservoirs of manpower. We should need to build humandams so that these reservoirs of manpower can become an asset to the country. This should not be a weakness of the country. After all the youth of country is the biggest asset to the country and in order to really make use their abilities and to use their energies for building of modern Pakistan navy, for building our own ships and our own aeroplanes, our scientific equipments or our

own research institutes, we need the brains of the youth of Pakistan. We need a scientific base.

Now, Sir, for instanse, there are so many opinions on this subject and I also feel that there are two or three proposals that I could have made but it is better to make these proposals after the survey has been conducted so that we can work out what it costs to the country and whether the country can afford it or not. Otherwise we are just grouping in the dark. We do'nt want to grope in the dark. We do not advocate the policy of leaping in the dark. We would like to take this step with the full assessment. For instance, two or three ideas that I had one, is that there could be a policy of financing street factories financing co-operative factories or street factories in the mohallas with the help of bank loans to harness the energies of the youths so that they can take part in productive employment so that they can produce more and what they produce can enrich the country and in that sense there will not be inflation. Whether this is a workable policy and to what extent it can be worked, can only be assessed on the basis of surveys. Again, Sir, I think that the employed in the country have a responsibility to the unemployed. After all the employed in the country are comparatively more affluent, and many colleagues and Senators have spoken about this. Recently there was a Turkish delegation here with the President of Turkey, and I was talking to one of the members of the Parliament, who were accompanying him. There was a policy of unemployment insurance in Turkey. Now, we are talking of the advanced countries. Of course Turkey is much more advanced than us. But we want to modernise also but what the cost should be. In this book again there is a reference made by the Government of Baluchistan for unemployment insurance. It is page 129 of this book on 'Contemporary Problems of Pakistan' It says that there would be unemployment allowances proposed by the Provincial Government starting from Rs. 80/00 for a Matriculate going up to Rs. 154/00 for post-graduates. Now, one does not know whether such a proposal was there, or what the cost should be to the country. This can only be assessed on the basis of the figures that are available but then after the figures have come, may be we can afford a modest programme that others who are employed can pay a tax, we can pay insurance fund. We can make contribution. We can lighten the burden. we can take part of the burden upon ourselves so that some such insurance scheme could be made, but for ascertaining whether that is feasible or not we have again to depend on the survey and on the amount of the figures involved what is the percentages. For instance, if we have five employed people to one unemployed persons then they would have to contribute 20 per cent of the salary but if the ratio is different then this should not be feasible. Whether it is feasible or not would have to work with reference to the facts and all the resolution sought was this.

**Mr. Aziz Ahmad** (Minister of state for Defence and foreign affairs) : Point of order. I have the greatest respect...

جناب صدارت کنندہ آفیسر : کمال صاحب آپ تشریف رکھیں ۔ عزیز احمد صاحب پوائنٹ آف آرڈر ۔

**Mr. Aziz Ahmed :** For the ability of the speacker, I have greatest respect. But I think he is going much beyond his resolution. The resolution is agreed to as far as both sides of the House.. ...

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میرے خیال میں عزیز احمد صاحب وہ بالکل آخری فقرے پر تھے -

**Mr. Aziz Ahmad :** Well, I don't know, but he is taking about the ways of dealing with unemployment that is not the resolution. The resolution merely suggests that there should be a scientific survey which is acceptable to both sides of the House.

**Mr. Kamal Azfar :** I would just say that I have said that these are such kinds of proposals that could be considered but they cannot be made unless the surveys come and, therefore, we are very grateful to the Minister who has given us assurance, and we just hope that the surveys would be conducted as soon as possible, so that this important task can be undertaken.

**Mr. Presiding Officer :** Mr. Hafeezulah Cheema.

**Mr. Hafeezullah Cheema** (Minister for labour, Health and social Welfare) : Mr. Chairman, Sir, I am sorry some of my remarks in the beginning hurt the feelings of my colleague, Mr. Azfar. but what I wanted to say was just this that quoting the illustrations of great grand son of Dara shikoh or the brother of some deceased, Abdul Hamid Khan, are just not within the scope of the discussion of this resolution. Those were irrelevant remarks, and that is why I made a point of order. But if those remarks have hurt his feelings, I am sorry for it. Now, so far as the resolution is concerned and for that matter I am not going to dilate unnecessarily on the side issues which do not strictly speaking come within the purview of the resolution itself.

Now, this resolution which has been moved by the honourable Member, Mr. Azfar, has two parts, and in fact the whole substance of the resolution is that the Federal Government be called upon to undertake a national survey of unemployment which could serve as basis of concrete policies for systematic eradication of unemployment among the educated youth of the country. Now, a wrong impression has been given to the House that perhaps the Government is not taking any steps to eradicate the problem of general unemployment or, in other words, an impression has been given that perhaps no survey is being conducted and again an attempt has been made to given an impression that perhaps a national survey is the only solution to the unemployment problem.

Now, Mr. Chairman, Sir, this is all distortion of the facts. This is just misleading. This is—I am sorry if I am referring to the speach made by Mr. Kamal Azfar and I hope he will not take it ill—this was

just to deliver a speech on the subject, just to give an impression outside that perhaps Mr. Azfar is the only person in the country who is concerned about this problem and perhaps the Government is not taking the necessary steps. This is an indirect way of doing the things, but with great respect to the honourable Member the mover of the resolution, I must point out...

**Mr. Kamal Azfar :** This is objectionable, Sir.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** I kept quiet when you were taking.

**Mr. Kamal Azfar :** Is this relevant to the resolution ? After all I have paid tributes to the Minister.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** You made certain remarks and I am replying to that.

(*Interruption*)

**Mr. Hafeezullah Cheema :** So, Mr. Chairman, Sir, what I wanted to say is that so far as the conducting of a national survey of unemployment is concerned, the Government is taking already a number of steps. As I assured the honourable Member outside the House, we are already taking sufficient measures for that, I think, the matter should have ended there and, as I pointed out in the beginning, if we touched the side issues then this resolution is going to open a Pindora's box, as rightly said by some other honourable Member. I would mention the steps being taken by the Government in this regard for the information of the House.

I would like to say that I do not mean that there is no need of conducting a survey but my point is that this field is not a virgin field, and I was misunderstood that perhaps some future planning is under consideration for the national survey as envisaged by the resolution itself. No, this is not the position. Already surveys are continuously being done and the Government is fully seized of the problem. The difficulty is not that we do not have any survey to eradicate the unemployment from the country but there are other reasons for that, and I will come later on to that. Now, Sir, so far as the survey part is concerned, there are indicators already available with the Government which can provide trends in this field and the indicators are quarterly labour force surveys, which attempt to find out labour force participation and the extent of unemployment, which take into account measurement of unemployment of the educated. Those surveys initiated since 1963 have regularly been conducted as part of the surveys of current economic conditions upto 1971-72 whereafter these were suspended due to the then impending 1972 population census followed by the housing, economic, and demograghic survey of 1973. These have again been started from the current year. An important development in this regard has been to subject the questionnaire, being used in these surveys, to drastic modifications with the assistance of a US Aid Expert from Washington, who stayed in

Pakistan for some time in early 1975 for the purpose. It is expected that the whole complexion of the survey will undergo a change and the future surveys proposed to be multi-purposed and based on the revised questionnaire will not suffer from the past limitations. In this context a much more clear picture is likely to emerge so far as the educated part of the labour force is concerned.

The net work of employment exchanges in the country is also a useful institution in registering the job seekers including the educated and in rendering assistance to them for employment.

So, my contention is, Mr. Chairman, that although a comprehensive national survey as anticipated by the resolution will be taken in due course of time, yet the impensing need is to solve the unemployment problem and for that purpose we need certain immediate surveys, and so far as that part is concerned, we have the information with us, and there is a sufficient machinery for that. I assure the honourable Member that if more attention is required to conduct a national survey in the larger interest of the unemployment problem or a bigger solution, even that we have in the plans to undergo.

Now, coming to the general problem of unemployment, what are the causes ? First question is this. The second question is whether the Government on its part is taking sufficient measures to combat the problem or not. My contention is that so far as the philosophy of the honourable Member is concerned or so far as his good ideas are concerned, we say we welcome these good ideas and there is a scope for his good ideas in future planning for unemployment or the current planning also but my point was that the House is not the proper forum for discussing the good ideas about unemployment or going into the details of those ideas. You could have discussed general issues and for that matter, of course, there are other people in the country who have good ideas. We, on the part of the Government, are prepared to welcome all these good ideas because then these things ought to be examined in a broader context, in a broader view so as to make these ideas in conformity and compatible with the economic policies and the educational policies. There may be other causes also for general unemployment in the country but the immediate causes for unemployment are mainly the educational system from where the main stream of the educated people come for seeking the jobs, and then we have also the imbalances in the economic system, and then again we have imperfections in the labour market also. All these three factors affect the total problem of unemployment. Now, so far as the education system or the economic system is concerned, even for that reason the imperfections of the labour market are the same.

Now, these things do not develop in a single year or in a single day. For that the whole past of the country, the whole past of these things is to be taken into consideration. For that matter, I must point out that the present regime is not responsible because if there were faults in the educational system, if the British people before partition introduced an-

educational system in the country which suited to their own interests to perpetuate their rule in the sub-continent then what is the fault of the present Government. Similarly, the imbalances, the structural imbalances in the economic system, Mr. Chairman, Sir, are something which concern a range of years, the past, the present and the future. There are factors which affect the structural imbalances in the economy and for that reason international factors are there, domestic factors are there. Similarly, in the field of labour market where incentives are provided to the people who come as a stream from the educational institutions, you see, the whole past, the present and the future, is to be taken into consideration. So, these are the things. So far as the present Government is concerned, Mr. Chairman, Sir, we are taking all steps to eradicate unemployment from the country. But this is a difficult and a complex proposition. This is a difficult problem for which the whole past, the faults of the past regimes are also to be reckoned. So far as the efforts done by the present Government, as have been mentioned by some of the honourable Members here, are concerned, it is quite known but I could quote some of the steps which have been taken.

(At this stage the chair was vacated by Presiding Officer and occupied by Mr. Chairman).

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Mr. Chairman, Sir, firstly, the Government has created an Organisation as has been mentioned and is known as the National Development Volunteer Programme to pay special attention to the educated youth with regard to brightening their prospects for employment. Secondly, in order to highlight the problem of educated unemployment and with a view to focussing attention on its solution, the Manpower Division Organisation in November, 1974 organised a training course on educated unemployment in co-operation with the Asian Regional Team for employment promotion. The participants of this training course were trained from the concerned Federal and Provincial Agencies of the Government. Now, these steps which I am going to mention are over and above the normal channels of employment. Thirdly, an Oil Exploratory Team has recently concluded a short assessment in Pakistan under the Manpower and Planning promotion Project. The assessment was an exclusive and specific study of the problem of unemployment among the educated youth. The report is expected shortly. Fourthly, a high-level ILO Exploratory Employment Policy Mission consisting of seven members is currently in Pakistan. The Mission has inter alia been studying the question of the educated unemployment. Their report will also throw light on this important problem. Apart from that the experts are generally of the view that one of the major solutions to the problem of unemployment of the educated youth in Pakistan is perhaps self-employment, that is, the State should provide means to the educated people whereby they can adequately employ themselves and for that purpose the Ministry of Finance has already made a number of concessions, facility of loans to the technical people, setting up of workshops, etc., etc.

So, my submission is that so far as the Government is concerned, we are fully seized of the problem. The Prime Minister is taking full interest

in this matter. The fears have been expressed by my learned colleague that perhaps this will become a volcano, we would not allow it to happen. We know the sentiments of the youth ; we know their problems and every effort shall be done to solve this general problem of unemployment. Thank you. I think, Mr. Kamal Azfar should take it back.

**Mr. Kamal Azfar :** With this assurance, Sir. But I may point out to the Minister that there has been a certain uncalled for aspersion. After all, this has been a good occasion for the Minister to explain the policy that he is taking, and I am in full agreement with him that the Government is conducting a survey, and since they are conducting a survey, that means that they are fully aware and seized of this problem. With this assurance that the educated youth unemployment problem will be solved, and I think, this represents the sentiments of the House, there is no need to press this resolution in that sense.

**Mr. Chairman :** So, you are not pressing your resolution.

**Mr. Kamal Azfar :** In view of his assurance.

**Mr. Chairman :** In view of his assurance, do you withdraw it ? There are two courses, either you have to press it or you withdraw it.

**Mr. Kamal Azfar :** In view of the assurrance I withdraw it.

**Mr. Chairman :** Withdrawal does not mean defeat. Mind that. He has given an assurrance, and the resolution is withdrawn in view of the assurrance given by the Minister. Now, I put it to the House. Does the House permit him to withdraw this resolution ?

(*The house permitted*)

**Mr. Chairman :** So, he is permitted to withdraw. All right, the resolution stands withdrawn, in view of the assurrance given by the Minister concerned.

Now, we take up No. 9. It is in the name of Mr. Umer Knan Sheikh, Yes !

**جناب عمر خاں شیخ :** جناب چیئرمین ! سینٹ کی رائے ہے کہ تربت کو ہوائی رابطے سے کراچی اور کوئٹہ سے ملایا جائے۔

Mr. Chairman : Yes, the motion made is :

"That the Senate is of the opinion that Turbat be linked with Karachi and Quetta by air."

Yes !

جناب عمر خاں شیخ : جناب والا ! تربت مکران کا ہیڈ کواٹر ہے اور اہمیت کے لحاظ سے ایرانی سرحد کے آخر میں واقع ہے ۔ یہ سمندری علاقے کا ضلع ہے اور بہت ساری بندرگاہیں اس ضلع سے وابستہ ہیں ۔ حکومت کی مہربانی اور خاص طور پر قائد ایوان ہمارے وزیر اعظم صاحب نے از راہ مہربانی اس علاقے کا خود دورہ فرمایا ۔ جہاں تک ساحلی علاقوں کا تعلق ہے حکومت نے مہربانی سے وہاں پر رابطہ کراچی سے فی الحال قائم کیا ہوا ہے ۔ اس وقت پسنی گوادر جیوانی میں لوگوں کے لئے یہ سہولتیں ہیں کہ وہ کراچی سے پسنی اور اپنے علاقوں میں سفر کریں ، آئیں اور جائیں لیکن تربت کا ضلعی اعتبار سے اور وہاں جتنا بھی ملازمین طبقہ ہے ، وہاں کے جو عوام ہیں ان کا رابطہ کوئٹہ سے نہیں ہے ۔ جناب والا ! آپ کو یہ معلوم ہے کہ بلوچستان ایک پہاڑی علاقہ ہے جو دور دراز تک پھیلا ہوا ہے ۔ راستہ انتہائی دشوار گزار اور تکلیف دہ ہے ۔ تربت کا کوئٹہ سے فاصلہ تقریباً ساڑھے پانچ سو ، چھ سو میل ہے ۔ اگر جیوانی سے ایک شخص وہاں جانا چاہتا ہے تو وہ پہلے ہوائی جہاز پر سوار ہو کر کراچی جائے گا اور کراچی سے پھر وہ ٹرین یا کسی اور ذریعہ سے کوئٹہ پہنچ سکتا ہے لیکن اگر تربت سے بذریعہ روڈ کوئٹہ جائے گا تو اسے ساڑھے پانچ سو میل کے راستے سے گزرنا پڑے گا جن کے لئے ہماری اس حکومت نے تمام وسائل کے ہونے کے باوجود بھی مجھے یہ کہنا پڑے گا کہ کالعدم نیشنل عوامی پارٹی کے وہ افراد ہمیشہ تنگ بھی کرتے ہیں ، لٹے بھی ہیں اور تربت سے کراچی جاتے ہوئے بھی اگر بذریعہ روڈ وہ جائیں گے تو بھی یہ مشکلات پیش آئیں گی ۔ وہ لوگ پاکستان کے استحکام کے خلاف ہیں ۔ وہ نہیں چاہتے کہ حکومت کے ساتھ وہاں کام کریں اور ابھی تک ایسے نامی طبقے ہیں جو ان حالات میں عوام کو بہت تکالیف پہنچاتے ہیں ۔

دوسرے اس لحاظ سے جناب والا ! اگر تربت کے باشندے ان راستوں سے نہ جا سکیں یا اپنے لئے وہ مناسب خیال نہ کریں تو ان کے لئے دوسرا راستہ

نزدیک ترین وہ ہے جو ان کو ۸۰ میل کا فاصلہ طے کرکے پسنی آنا پڑے گا، جہاں پر نہ کوئی ہوٹل ہے اور نہ ان کی رہائش کا کوئی انتظام ہے۔ تربت تحصیل کی اپنی آبادی ساٹھ ستر ہزار ہے۔ پسنی جو قریب ترین ہوائی راستے پر پہنچنے کا ذریعہ ہے وہاں سے ان کو ۸۰ میل طے کرنا پڑتا ہے۔ اگر کوئی بیمار ہے یا تجارتی مقصد سے وہ کراچی جانا چاہتا ہے تو اس کو پسنی آنا پڑے گا اور پسنی سے پھر اس کو ہوائی جہاز سے کراچی جانا پڑے گا لیکن پھر کوئٹہ سے وہی سلسلہ ہوگا کہ وہ تربت سے پسنی آئے گا، پسنی سے کراچی جائے گا اور کراچی سے پھر وہ جا کر اپنے صوبائی مرکز تک پہنچ سکے گا۔ اپنے کسی کام کے لئے۔ تو ان حالات میں میں اپنی مختصر تقریر کو اہم سمجھتا ہوں کیوں کہ میں سمجھتا ہوں کہ تربات، تنک منک، بلیدہ، زردار دوسری تحصیل اور وہ زیادہ تر آبادی کے لوگ ان سب کو بمشکل فاصلہ طے کرکے ایک دفعہ تربت آنا پڑے گا اور اس کے بعد وہ کراچی پہنچے گا اور اس کے بعد پھر وہ کوئٹہ پہنچ سکے گا۔ اس طرح آبادی کے تناسب سے اس ضلع کا ۳/۴ حصہ جو ساحلی علاقوں میں ہیں ان کے لئے بھی سہولت ہے لیکن وہ دوسرے زیادہ تر آبادی کے حصے جو دوسرے علاقوں میں ہیں۔ ان کو یہ تکالیف اس وقت در پیش ہیں اور اس سلسلے میں ایک مرتبہ پہلے بھی ۱۹۶۴ء میں یہ تجویز تھی بلکہ ایئر پورٹ ڈویلپمنٹ ایجنسی نے ایک مرتبہ اس علاقے کا اس ایئر پورٹ کا کام بھی شروع کیا تھا لیکن نا معلوم وجوہات کی بنا پر انہوں نے اس کام کو بند کر دیا اور ہم نے اپنے وسائل کے مطابق جو قائد عوام کے نظریاتی ترقیاتی اسکیم کے تحت وہاں پر ہمارے عوامی نمائندوں کو جو کچھ پیسے ملے ہیں اپنے علاقے کے ترقیاتی کاموں کے لئے ہم نے یہ مناسب سمجھا کہ ان پیسوں کو سب سے پہلے اس ہوائی اڈے کی اہمیت کے پیش نظر اس کام پر لگایا جائے اور وہاں پر کام جاری ہے لیکن وہ رقم یعنی ۶ لاکھ روپیہ وہاں اس کام کے لئے بہت کم ہے اور اس کے لئے کم از کم میرے خیال کے مطابق ۲۵ لاکھ کی ضرورت ہے۔ اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ وہاں کے لوگوں کو جو یہ تکلیف درپیش ہے اس سلسلے میں اگر حکومت از راہ مہربانی اس ایوان کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے اس ہوائی اڈے کو جلد از جلد تعمیر کرے تو عوام کے لئے آمد و رفت کی کافی سہولت ہوگی۔

میں ان تھوڑے سے الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں ضرور کچھ کیا جائے گا۔

**Mr. Chairman :** Thank you.

Do you want to wind up Mr. Aziz Ahmed. There is another gentleman, who wants to speak.

**جناب نبی بخش زہری :** جناب چیئرمین! میں بھی بلوچستان سے اس ہاؤس میں ممبر منتخب ہو کر آیا ہوں۔ مجھے یہ اعزاز حاصل ہے اس معزز ایوان کے ارکان نے جو کچھ اب ہاؤس میں آپ کی اجازت سے جو کچھ فرمایا اور قرارداد پیش کرتے ہوئے محترم نواب زادہ شیخ عمر خان جو سینیٹر ہیں جن خیالات کا اظہار کیا میں ان کی مکمل تائید کرتا ہوں اور میں ذاتی طور پر جانتا ہوں کہ وہاں سے یعنی تربت کا رابطہ بذریعہ پی۔ آئی۔ اے کوئٹہ اور کراچی نہایت ضروری ہے۔ نہ صرف وہاں کے عوام کو جیسا کہ آنریبل ممبر نے وضاحت کی ہے بلکہ ہر ایک لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ موزوں ہے اور بہتر ہے کیوں کہ کوئٹہ سے بھی جو آفیشلز یا جو لوگ متعلقہ ہیڈ کوارٹر ضلع مکران پہنچ جائیں۔ ان کو بھی دقت ہے، کاروباری آدمی کو بھی دقت ہے اور جو تربت سے کراچی جانا چاہیں نہ صرف یہ دو وجوہات کہ کاروباری یا سرکاری افسر بلکہ وہاں مختلف قسم کے بسا اوقات ایسے واقعات پیش ہو جاتے ہیں، کئی ایکسیڈنٹ ہو جاتے ہیں، مریض ہو جاتے ہیں۔ ان کو پہنچانا بھی لازمی ہے کہ وہ بھی ہمارے ساتھ کوئٹہ میں جو ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ سہولتیں ہسپتالوں میں مہیا کی گئی ہیں۔ ان سے دور دراز کے علاقے کے لوگ بھی مستفیض ہوں۔ اس لئے میں قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے حکومت سے متعلقہ وزیر صاحب جو یہاں تشریف فرما ہیں اور ہمارے لئے بالکل نئے نہیں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ بھی تربت کی اہمیت کو ذاتی طور پر جانتے ہیں اور مجھے امید ہے کہ وہ اتفاق کریں گے کہ یہ مسئلہ حل ہونا چاہئے اور یہ ایک معقول تجویز ہے۔ شکریہ۔

**جناب چیئرمین :** شکریہ، غلام رسول اے صدیقی۔

جناب غلام رسول اے صدیقی : جناب چیئرمین صاحب ! میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔ تربت کا ہوائی اڈہ کراچی کو کوئٹہ کے لئے ملانے کے لئے بہت ضروری ہے ۔ اس سے نہ صرف وہاں کے لوگوں کو سہولت ہوگی بلکہ اور بھی کئی چیزیں جن کی ہماری گورنمنٹ کو بھی ضرورت ہے ۔ جیسا کہ اس علاقے میں باہر کے ایکسپورٹس یا ہمارے ٹیکنیشنز یا ہمارے کام کرنے والے لوگ راستے کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے وہاں نہیں جاتے ہیں یا نہیں جا سکتے ہیں جیسا کہ حال ہی میں آپ نے اخبارات میں پڑھا ہوگا کہ ہمارے بلوچستان کے دور دراز علاقوں کو ہم اس لئے ایکسپلائیٹ نہیں کر سکتے کیوں کہ وہاں راستے نہیں ہیں اور باہر کے لوگ بھی راستے اور ہوائی سروس نہ ہونے کی وجہ سے وہاں نہیں جانا چاہتے اور دوسری یہ چیز ہے کہ جیسا کہ نواب زادہ شیخ عمر خان نے کہا ہے کہ ایک آدمی کو تربت سے کراچی پہنچنے تک کتنا عرصہ لگے گا اور کراچی سے پھر کوئٹہ آنے میں کتنا عرصہ لگے گا اور ایک آدمی کو اپنے صوبائی دارالحکومت میں جانے کے لئے کتنا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے اور کتنا خرچ کرنا پڑتا ہے کے علاوہ بھی کچھ ایسی چیزیں ہیں جن کی خود گورنمنٹ کو ضرورت ہے کہ وہاں ہوائی اڈہ ہو جو کوئٹہ اور کراچی سے ملا ہوا ہو ۔ میں اس قرار داد کی تائید کرتا ہوں اور آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

**Mr. Chairman :** Thank you. I think, we have had enough discussion. You can wind it up.

**Mr. Aziz Ahmed :** Sir, I am indebted to the honourable Senator and those who spoke in support on this resolution for bringing it up before this august House. There is no doubt whatsoever in the importance of linking Turbat with both Karachi and Quetta, and I am glad they have raised this issue. It is not a fact that we are not conscious of the importance of linking Turbat with Quetta and Karachi but, I think, it is good that this matter has been aired in this august House. Not only I am, as the Minister concerned, deeply conscious of the importance of Turbat and the need for connecting it with Quetta and Karachi, from many points of view not merely commercial point of view with which the PIA would naturally be concerned but from many points to which this Government has been particularly paying attention. While dealing with questions affecting the development of far flung, isolated and unfortunately most backward areas of Pakistan, be they situated in Baluchistan or the Northern areas or the Tribal belt of the North West Frontier Province or other parts of this country, I think, this Government has done more than

that all the previous Governments put together had done to develop these areas. We have been putting through crash programmes for the development of some of those areas, the development need was most urgent,- and I am sure the honourable Senators who have spoken on the subject are aware that it is Baluchistan, to which I am referring, had areas where previously a Government Officer never set his foot he could never set his foot without the permission of the Sardars. We have gone into those areas. We are now developing them, at a pace which is disconcerting with those who do not like to see them developed, because it undercuts the very vested interests, their own stability, their own social system, which they wanted to continue. But we have gone ahead with it in the interest of the people, in the interest of the province, and in the interest of the country at large. There are quite a large number of reasons why I think Turbat must be connected with Karachi and Quetta. I would like to inform this House that the importance of this issue has been before the Department of Civil Aviation as well as the PIA. They are very conscious of this from the purely limited point of view, which naturally concerns them, that is to say, the commercial importance of Turbat. So, it is completely agreed from every point of view that Turbat must be linked with Quetta and Karachi. Now, the point is how do we do it. Last year an estimate was made that we have to have an aerodromme there, they have to have a runway there. An estimate was made and it looked as though it will cost something in the neighbourhood of one and a half crores to establish the necessary facilities. It is difficult to find that money but there are pressing needs, not only of the country but of this province itself, and vast sums have been placed at the disposal of the Provincial Government for the development of this, but we cannot do everything.

We cannot do everything at the same time of course we hope to do everything, but as our resources permit and as our priorities dictate. We are going to go forward with those proposal. We are going to take this matter up seriously to establish an aerodrome there because without that it is not possible to link Turbat with Sind and Quetta. I will explain that, in the meantime. We can link Turbat with Karachi pending the construction of aerodrome and the necessary facilities for aircrafts landing and take off. We can link it with Karachi and in the meantime, I think that should be done. I am going to ask the Ministry to examine the feasibility of linking Turbat by road with, I think, Pasni, the nearest base which is 85 miles and the road is near shanbles. Nevertheless, I think, it will be worthwhile to link Karachi with Pasni until we have facilities to link Turbat. It is worthwhile trying because once we link with Pasni it will be linked with Gowadur on the one side and Karachi on the other side with seven flights a week. I do appreciate the importance of linking Turbat with Quetta also and I have got the impression, I may be wrong, that the mover of the resolution thought that it would not be good enough to link it with Karachi. I do not agree with him. I think, if we cannot link both Quetta and Karachi simultaneously with Turbat, we might at least, in the meantime, start linking with Karachi. So, with that part of isolation of Turbat will have been broken. So, I intend to proceed as follows :

We will go forward with the examination of question of providing necessary facilities there for direct flights through and out of Turbat.

That will take time. It may take one or two years. But in the meantime I am going to ask the PIA to examine the feasibility of running a coach service to Turbat and Pasni so as to link it with Karachi. Thank you.

**Mr. Chairman :** Thank you. Yes, Sheikh Sahib.

**جناب چیئرمین :** آپ نے منسٹر صاحب کی تقریر سن لی ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہم کوشش کر رہے ہیں ۔ لیکن فی الحال تربت کو جو کہ ۸۵ میل دور ہے ، کراچی سے ملا رہے ہیں ۔ منسٹر آف کمیونیکیشن سے رابطہ قائم کیا جائے گا تاکہ جلدی ہو سکے ۔ دریں اثنا اس بات کی یقین دہانی کرائی ہے کہ تربت کو کراچی سے ملا دیا جائے گا ۔

**جناب عمر خاں شیخ :** جناب والا ! میں گذارش کرتا ہوں کہ میں وزیر صاحب کا نہایت ہی ممنون ہوں ، اس لئے کہ وہ پہلے بھی اس علاقے کے حالات سے باخبر رہے ہیں ۔ مجھے خوشی ہے کہ ہمارے پاس اس قابلیت کے لوگ ہیں اور وہ ملک کی اور ہماری مشکلات کو محسوس کرتے ہیں ۔ جناب والا ! ملک کے اس حصے کو قبل ازیں نظر انداز کیا جاتا رہا ہے اور وہ لوگ محسوس کرتے ہیں کہ ان کے غیر ترقیاتی علاقے کو ترقی دی جائے اور ان کو آپس میں ملایا جائے ۔ انہوں نے اس حد تک یہ تسلی دی ہے تاکہ میں اس علاقے میں جا کر اپنے عوام کو اعتماد سے بتا سکوں ۔ تو اس پر میں اپنی اس قرارداد پر زور نہیں دیتا ۔ اس لئے میں اسے ودڈرا کرتا ہوں ۔

**Mr. Chairman :** Now, I will ask the House whether the gentleman, the mover, should be given permission to withdraw it because he can do it with your permission. Does he have your permission ?

(*The house permitted*)

**Mr. Chairman :** So, the resolution is withdrawn with the permission of the House. Now, next item no. 10.

## RESOLUTION RE : WATER-LODGING AND SALINITY IN JACOBABAD

**Mr. Chairman :** This is a resolution standing in the name of Mr. Afzal Khan Khoso, but at the same time I find an application from the gentleman concerned. He requests for postponment of his resolution

because he is on leave. So, naturally it cannot be moved. Now, if you agree then it will be postponed to the next Private Members Day.

**Voices :** Yes.

**Mr. Chairman :** You agree, all of you ?

(*The House agreed*)

**Mr. Chairman :** All right. So, the resolution standing in the name of Mr. Afzal Khan Khoso stands postponed to next Private Members' Day.

There is no other business to transact. Tomorrow is Saturday. You would like to enjoy holiday tomorrow. What about Sunday ?

**Voices :** It should be holiday.

**Mr. Chairman :** So, you want to enjoy Sunday also.

**Voices :** We may meet on Monday evening, Sir.

**Mr. Chairman :** All right. So, the House stands adjourned to meet again on Monday afternoon at 4.00 p. m. Thank you.

---

The Senate then adjourned till four of the clock in the afternoon of Monday, December 1, 1975.

---